"شکر کرو کہ بادشاہ کے کارندوں نے اسے دیکھ لیا۔ اس سے پہلے کہ رات پڑ جاتی اور بھیڑیا اسے اٹھا لے



Marfat.com

جاتا وہ اسے اٹھا کر محل میں ملکہ کے پاس لے گئے۔ ملکہ نے اس کی پرورش کی اور جب بڑی ہو گئی تو اس کی شادی اپنے بیٹے سے کر دی۔ اب وہ شہزادی بن کر محل میں رہ رہی ہے۔"

یہ سن کر لک اور پک اخروٹ اتار کر گھر چل دیے۔ گھر پہنچ کر انہوں نے سارے اخروٹوں کا حلوہ بنایا ایک بڑا تھال حلوے کا بھر کے بیٹی سے ملنے چلے۔

دونوں بادشاہ کے محل پہنچے تو شہزادی کو خبر ہوئی کہ اس کے ماں باپ آئے ہیں۔ بڑی دھوم دھام سے دونوں کا استقبال ہوا۔ انہیں شیش محل میں ٹھہرایا گیا ملازم ان کی خدمت کے لیے مقرر کیے گئے، عمدہ لباس ان کو پہنایا گیا اور قسم قسم کے عمدہ کھانے حاضر کیے گئے۔

ایک دو دن گذر گئے تو لک اور پک کا محل کے اندر جی گھبرانے لگا کیوں کہ انہیں اپنی کٹیا کی یاد ستانے لگی بیٹی سے رخصت مانگی تو اس نے بڑا زور لگایا کہ: "ادھر میرے پاس ٹھہر جاؤ۔ یہاں کس چیز کی کمی ہے؟" لیکن وہ نہ مانے اور چلنے پر تل گئے۔ جب بادشاہ کو خبر ہوئی کہ مہمان رخصت ہو رہے ہیں تو حکم دیا کہ انہیں سارے محل میں پھرایا جائے اور جو چیز ان کو پسند آئے ان کو تحفے میں دی جائے۔

بادشاہ کا وزیر مہمان داری جو ایک چالاک شخص تھا، انہیں لے کر محل کی سیر پر نکلا۔ پہلے وہ لباس بنانے کے کارخانے پہنچے۔ ریشم اور کم خواب کے رنگا رنگ کپڑوں کو دیکھ کر وہ دونوں دنگ رہ گئے لیکن انہیں یہ سب کچھ کسی کام کا نہیں لگا۔ پھرتے پھرتے لک کی نظر ایک معمولی سے اونی جغے پر پڑی اور لک اسے دیکھنے لگا۔ وزیر نے



Marfat.com

مذاق سے کہا: "یہ ایسا چغہ ہے جو کبھی پرانا نہیں ہوتا۔" لک یہ سن کر بڑا خوش ہوا اور چغہ اٹھالیا۔

یہاں سے وہ خوراک کے گودام پہنچے۔ یہاں پک کی نظر ایک چھوٹے سے مٹکے پر پڑی۔ پوچھا: اس میں کیا ہے؟ وزیر نے کہا "اس مٹکے میں گھی ہے لیکن یہ جادو کا مٹکا ہے۔ اس سے گھی نکالتے جاؤ یہ کبھی ختم نہیں ہوگا۔" پک کو یقین آگیا اور مٹکا اٹھالیا۔

ان کی اگلی منزل پھلوں کا باغ تھا۔ یہاں وہ تربوز دیکھ کر بڑے حیران ہوئے۔ پوچھا یہ کیا ہے؟ وزیر نے کہا "یہ گدھی کا انڈہ ہے۔ ایک مہینے بعد اس میں سے بچہ نکل آئے گا۔" لک کو ایک گدھے کی ضرورت تھی تربوز اٹھالیا کہ بچہ نکل آئے گا تو بڑا ہو کر گدھا بن جائے گا۔ پھر وزیر انہیں لے کر جانوروں کے احاطے میں لے گیا۔ یہاں پک کی نظر ایک بیمار بھیڑ پر پڑی جو کھانس کھانس کر دوھری ہو رہی تھی اور اس کے منہ سے پانی بہہ رہا تھا۔ پک نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ وزیر نے کہا: "یہ بھیڑ اتنی موٹی ہوگئی ہے کہ اس کی چربی تیل بن کر منہ سے ٹپک رہی ہے۔" پک نے بھیڑ لے لی۔

یہ سارا کچھ اٹھا کر اگلی صبح لک اور پک اپنے گاؤں روانہ ہوئے۔ ایک جگہ وہ پہاڑی راستے سے گزر رہے تھے کہ اچانک لک کو ٹھوکر لگی تو اس کی گٹھڑی سے تربوز نکل کر نیچے لڑھکنے لگا۔ تھوڑی دور جا کر تربوز ایک بڑے پتھر سے ٹکرا کر پھٹ گیا۔ پتھر کے نیچے ایک خرگوش سویا ہوا تھا۔ وہ نکل بھاگا تو لک بھی اسے پکڑنے کو دوڑا۔ وہ سمجھا کہ انڈے سے بچہ نکلا ہے۔ خرگوش بہت دور نکل گیا تو تھک ہار کر واپس آیا اور افسوس کیا کہ



Marfat.com

بچہ انڈے سے نکلتے ہی اتنا تیز بھاگا اگر یہ گدھا بن جاتا تو کتنا تیز رفتار گدھا ہوتا؟

آگے راستے میں انہیں ایک سوکھا درخت نظر آیا جس کی چھال بھی اتر چکی تھی۔ پک نے کہا: "ارے لک دیکھتے ہو؟ اس بے چارے ننگے دھڑنگے درخت کو کتنی سردی لگ رہی ہوگی۔ کیوں نہ تم چغہ اس کو پہنا دو؟ لک نے چغہ درخت کو پہنا دیا اور آگے چلے۔ ایک جگہ انہوں نے دیکھا کہ پہاڑ کی چٹان تڑخ گئی ہے ا اس میں درز بن گئی ہے۔ پک نے کہا: "ارے لک دیکھتے ہو؟ اس بے چارے پہاڑ کے دانت میں درد ہے کیوں نہ ہم گھی اس میں ڈال دیں کہ شاید اسے آرام آجائے۔" انہوں نے گھی مٹکے سمیت چٹان کی درز میں ڈال دی اور آگے چلے۔

اس طرح گھر پہنچے تو ان کے ساتھ صرف وہ بیمار بھیڑ رہ گئی۔ سفر میں ان کو بھوک لگی تھی۔ گھر میں کھانے کو اور کچھ نہیں ملا تو آپس میں مشورہ کیا کہ بھیڑ ہی پکا کر کھائی جائے۔ لک نے فوراً بھیڑ ذبح کی۔ پک نے اسے صاف کیا اور ایک بڑی ہانڈی میں ڈال کر پکنے کے لیے چولہے پر چڑھا دی۔ جب گوشت ابلنے لگا اچانک پک بولی: "ارے لک جب ہم گوشت کھائیں گے تو وہ ہمارے دانتوں میں اٹک جائے گا اور ہمیں خلال کی ضرورت ہوگی۔ کیوں نہ ہم پہلے سے ہی خلال کا بندوبست کر لیں؟" وہ دونوں خلال کے لیے لکڑی لی جنگل روانہ ہوئے۔ جاتے ہوئے انہوں نے دروازہ بند کیا اور چابیاں دروازے کے پاس مٹی میں دبا دیں۔

دونوں تھوڑی دور گئے تھے کہ راستے پر ایک مسافر آتا ہوا دکھائی دیا۔ پک نے آہستہ سے لک کے کان میں



Marfat.com

کہا: ”یہ شخص ہمارے گھر کی طرف جارہا ہے۔ کہیں یہ ہمارا گوشت نہ چرا لے؟“

”ارے کہاں جارہا ہے منہ اٹھائے؟ کہیں ہمارا گوشت چرانے کا ارادہ تو نہیں تمہارا؟“ لک نے مسافر کو للکارا۔ مسافر حیران ہو کر بولا: ”ارے بھائی منہ سنبھال کر بات کر۔ مجھے کیا چور سمجھ رکھا ہے؟ مجھے تمہارے گوشت سے کیا لینا دینا اور مجھے یہ بھی پتہ نہیں کہ تمہارا گوشت کہاں ہے؟“

”گوشت ہمارے گھر میں ہانڈی میں پک رہا ہے اور چابیاں دروازے کے پاس مٹی میں دبی ہوئی ہیں۔ خبر دار جو ہاتھ لگایا تو۔۔۔" لک نے دھمکی دی۔ مسافر ہنس کر بولا: ”میری توبہ ہے جو تمہارے گھر کی طرف دیکھا بھی۔“ یہ کہہ کر وہ اپنی راہ چلا اور میاں بیوی جنگل کی طرف نکل گئے۔

خلال لے کر وہ دونوں گھر لوٹے تو دیکھا کہ ہانڈی خالی پڑی ہے اور گوشت کا نام و نشان نہیں۔ بڑے سٹپٹائے، لاکھ دماغ مارا لیکن کچھ پلے نہیں پڑا کہ گوشت کہاں گیا؟ دروازہ بند اور چابیاں ویسی کی ویسی مٹی میں دبی ہوئی تھیں۔ چور آیا تو کس راستے سے اور گیا تو کس طرف سے۔ سوچ سوچ کر ان کی رہی سہی عقل بھی جاتی رہی۔

لک سر پکڑے سوچ میں غرق تھا۔ اتنے میں پک نے آہستہ سے سیٹی بجا کر اسے اپنی طرف متوجہ کیا۔ ”یہی وہ چور ہے جس نے ہمارا گوشت اڑایا ہے۔“ پک انگلی سے ہانڈی کے کنارے کی طرف اشارہ کر کے زیر لب بولی۔ پک نے دیکھا کہ ہانڈی کے کنارے پر ایک مکھی بیٹھی ہوئی ہے۔ لک کے پاس ہی سل بٹہ پڑا ہوا تھا۔ لک نے بٹہ اٹھایا اور یہ کہتے ہوئے ”تجھے چھوڑوں گا نہیں“ پوری طاقت سے مکھی پر وار کیا۔ مکھی کا تو پتہ



Marfat.com

نہیں چلا البتہ ہانڈی کے کئی ٹکڑے ہو گئے۔

ہانڈی ان کے گھر کی آخری قابل ذکر چیز تھی۔ اس کے ٹوٹنے سے جیسے ان کا دل بھی ٹوٹ گیا۔ وہ اٹھے اور بوجھل قدموں سے چلتے ہوئے بادشاہ کے محل کی طرف روانہ ہوئے۔





Marfat.com

# خورائی بریاک

ای موش کانتو اوسی، کانو تھاغه نیشی، تھاغو گڑوٹھو وشکی ٹھونگی گنی دیاو استائے۔ موڑین ای پونغوس پھار نیسی ایہه کوری راردو که "اے موش تو کیه زکھرات کوسانئے۔ تھاغ چھیتی ته گنی یو غیرور"۔ ایہه ہسے موش یو کوری راردو که "اے موش تو کیه ہوش کوسانئے۔ اوا ته بھکی ہوش نو کومانا"۔ یو ہسے راردو که "جام لا اوا که ہوش نو کوراک بیراتام تھے اچه ته ہوشی گوئے"۔

ای داربته تھاغ چھیتی ہتو گنی یو غیریرو۔ گیتی لشٹه دیتی تفه تو کیاغ چھیردو نو۔ ایہه روپھی تان سورو ڈاخئے ہسے پون غوسو اچه دارو۔ پھارو بی ہتو دوسی راردو که "تو بزرگ بیراو"۔ پونغوس راردو که "اے برار، اوا بزرگ مزرگ کیاغ نو۔ کانو تھاغو چھینیکو یو غیرور رے ہر کا ہوش کوئےوا"۔ مگم ہتے کم عقل موش نو پیتیرو۔ ہسے پونغوسوتے راردو که "تو متے لو دیت که اوا کیه وخت بریوم۔ ہیغار غیر اوا ته پھار نو لاکوم"۔ پونغوسو دوسی چکوٹی کوریکو خور کیه لو ہتو اپکی نو گیتی راردو که "تو کیه انوس خورائی که بغاو بریوس۔ وا ہیه لوو کوستے که پراو دی تو بریوس"۔ ہاش رے پون غوس ہتو سار تان سورو خلاص کوری بوغدو۔

یئی ہسے موش غما گلیفتار بیتی دورو تے گیرو۔ ای کما بسه دوری نفکت کھول بیکو بوک راردو که "کوره پھوک خوره پیشی انگیئکی"۔ موش بہانه کوراو انگیرو۔ ای انوس جو انوس



Marfat.com

،اخیر دوری دراغانچ بیتی بریکو تاب بیرو۔ ہسے ہتے لوٗ کہ دویان، بوک تان دی کورا جو بٹی
ژوو پیشی انگویان، مگم ہسے لوٗ دی دیکو نو بویان، کوریکو کہ بزرگ ہیہ لوٗ کوستے م
دیت رے اسور۔

ای انوس ئیہچی دیتی بریکو تاب بیکو موش ژانہ راردو کہ اینگار دی ئیہچی دیتی سف
بریوسیان۔ خورہ بیم نو۔ اَوہ کہ اوبریتام دی دورو روئے تھے بچ بونی۔ ہش رے ژوو گوردوغ
سوری دیتی راہی کاردو۔

خورا بی ژوو ڈورو دیتی، اوغویو دیتی، خار کوری تان سورو خورو ای گوچتو قبلوتے فروسکئے
بریکوتے تیار بیرو۔ گرانیشو ٹیم، اورارو گیتی غیچ یو گیکو ہتو پکا یقین بیرو کہ اوبریتام۔ ای
داربتہ گوردوغ سورو خورو دواہتہ یئی درارو۔ خخم کیہ ویزی نہ کوریکو گوردوغ اندرینی گیتی
مالینیو پیشیرو ژیبیکہ دیرو۔ ایہہ روپھی گوردوغو دیتی اف نیزیکو ژاغا، موش پھار کوری
راک بیرائے کہ "ہائے گوردوغ، تو مہ بریکو ہوش کوری مہ پیشیرو ژیبوسان"۔

گوردوغ پیشیرو ژوتی اہتی بیتی اف نیسی دوروتے بوغدو۔ گوردوغ اچی گیکو بوک تھَشوش
بیتی دیہو رویانتے خبار کاردو کہ موش کوو غیریتایا کیانی ہوئے۔ روئے ہتوغو مشکھی لکھی
خورا بینی کہ بیردوٗو غون ہتئے پیخھی شیر۔ ہتو ژینہ دیتی گنی دوروتے راہی کاردو۔

خورہ سینہ بیارو بیرائے۔ سینا سیر نو، تھوہرتی دئیلیک بیرائے۔ سینو نسہ گیتی روئے
تھوہرتو نو لے ایہہ اف کوسیرو۔ کا تھوہرت توری رو شیر راردو کا موڑی رو۔ ہے جنجالو موڑی
بیردو ژینار ڈاز روپھی راردو کہ "اَوہ ژونو اسیکہ تھوہرت ایہہ ہیرا ہے لوٹ بوہرتو برابری
اوشوئے"۔ روئے دے گیتی، کیانی بیتی استاو رے بشار کوریکو، ہسے تان قصو کاردو۔ تھے
ہتوغو دیتی ایہہ روپھئے نست کوری دوروتے الدو۔



Marfat.com

# پن چکی میں مرنا

ایک بے وقوف شخص درخت کی شاخ پر بیٹھا اسی شاخ کو نیچے سے کلہاڑی سے کاٹ رہا تھا۔ درخت کے نیچے سے ایک راہ گیر گذرا۔ اس نے جب یہ دیکھا تو حیران ہو کر بولا: "ارے ارے! تو نیچے گر جائے گا۔" "تجھے کس نے بتایا کہ میں گر جاؤں گا، کیا تمہیں غیب کا علم ہے؟" "ہاں اتنا غیب کا علم تو ہے کہ جو وہی شاخ کاٹے گا جس پر بیٹھا ہو، وہ ضرور گرے گا۔" "جا جا۔۔۔ بڑا آیا پہنچا ہوا بزرگ" اُوپر والے نے جواب دیا۔ راہ گیر ہنستا ہوا اپنی راہ چلا۔

تھوڑی دیر بعد شاخ کٹ گئی اور وہ شخص نیچے آ رہا۔ وہ کپڑے جھاڑ کر اٹھا اور راہ گیر کے پیچھے بھاگا۔ راہ گیر کو پکڑ کر بے وقوف نے کہا: "آپ واقعی پہنچے ہوئے بزرگ ہیں۔ مجھ سے بہت بڑی گستاخی سرزد ہوئی ہے۔ آپ مجھے معاف کریں۔" راہ گیر نے بہت کہا کہ وہ کوئی بزرگ نہیں لیکن بے وقوف نہیں مانا۔ آخر تنگ آ کر راہ گیر نے کہا کہ وہ کیا چاہتا ہے؟ "مجھے صرف یہ بتا دیں کہ میں کب مروں گا؟" بے وقوف نے سوال کیا: راہ گیر نے اس کے ساتھ مذاق کرنے کا سوچا اور کچھ سوچ کر بولا: "جس دن تم نے پن چکی کے اندر قدم رکھا، وہ



Marfat.com

تمہاری زندگی کا آخری دن ہوگا اور ہاں یاد رکھنا! اگر تم نے کسی یہ بات بتائی، تب بھی تم مر جاؤ گے۔" یہ کہہ کر وہ اپنی راہ چلا اور بے وقوف پریشان ہو کر گھر آ گیا۔

چند دن اس نے اسی فکر میں گزارے لیکن اصل پریشانی اس وقت شروع ہوئی جب گھر میں آٹا ختم ہو گیا اور بیوی نے کہا کہ وہ چکی سے آٹا پیس کر لائے۔ اب وہ نہ تو پن چکی جا سکتا تھا اور نہ ہی نہ جانے کی وجہ بتا سکتا تھا۔ ایک دو دن تو اس نے مختلف بہانوں سے گزار دیے لیکن آخر کب تک؟ ایک دن بیوی کی چخ چخ سے تنگ آ کر اس نے فیصلہ کر لیا کہ پن چکی چلا ہی جاؤں مر جاؤں تو جان چھوٹ جائے گی۔ یہ سوچ کر اس نے غلہ گدھے پر لادا اور پن چکی کی طرف چلا۔ پن چکی کافی دور دریا کے پار تھی۔ وہاں پہنچ کر اس نے گدھے کو باہر چھوڑا اور غلہ اندر لے جا کر چکی میں ڈال کے چکی چلا دی۔ خود ایک طرف لیٹ گیا۔ دوپہر کا وقت تھا وہ تھکا ہوا تھا اس لیے اسے نیند آنے لگی۔ بے وقوف سمجھا کہ یہ موت کی علامات ہیں۔ اس لیے اپنے آپ کو قبلہ رو کر کے مرنے کی تیاری کرنے لگا۔

کچھ دیر سونے کے بعد وہ جاگا تو دیکھا کہ گدھا چکی کے اندر آ گیا ہے اور آٹا کھا رہا ہے۔ گدھے سے کہنے لگا "ہاں ہاں کھا لے۔۔۔ خوب کھا لے۔۔۔ اب تو تمہیں کون روکنے والا ہے، میں تو کب کا مر چکا ہوں؟"

گدھا آٹا کھا کر سیر ہوا تو باہر نکل گیا اور گھر کی راہ لی۔ گدھا بغیر مالک کے گھر پہنچا تو بیوی پریشان ہوئی۔ وہ شوہر کو تلاش کرتی ہوئی پن چکی پہنچی تو دیکھا کہ وہ بے حس و حرکت پڑا ہے۔ وہ روتی ہوئی واپس آئی اور گاؤں



Marfat.com

والوں کو بتادیا کہ اس کا شوہر پن چکی میں مرا پڑا ہے۔ گاؤں والے چارپائی لے کر چلے۔ بے وقوف کو چارپائی پر ڈالا اور گھر کو روانہ ہوئے۔ دریا پر پہنچے تو یہ مسئلہ کھڑا ہو گیا کہ دریا کو کہاں سے پار کیا جائے۔ جب بحث لمبی ہو گئی تو بے وقوف نے سر اٹھایا اور بولا: "جب میں زندہ تھا تو یہاں سے تھوڑا آگے دریا پار کیا کرتا تھا۔"

لوگوں نے اسے اٹھایا اور پوچھا کہ اسے کیا ہوا تھا؟ اس نے سارا ماجرا کہہ سنایا۔ لوگ اس کی حماقت پر ہنستے ہوئے اسے گھر لے آئے۔





Marfat.com

# خورہ وانگ

ای خورہ وانگ بیرائے۔ چھوئے تا انوس خورہ پیشی کھایہ مڑاغ، زپ شوت پنڈاسکی، کپالوچے ریگیش جلاوال۔ رویتو دیکو بوہتوارو گیکو بش۔ دور بویا کیاغ بوئے، بس ای خورہ۔ ہئے تان تانتے براٹ کوری ژوتی، چان غیژی حال باک بیرائے۔

خورہ وانگو مالِ دنیا چھور کیڑی بیرانی۔ ژو خورو درے ہیس کیڑیان روچھاک بیرائے۔ خورو کھایان دی ہے کیڑی ژیباک بیرانی۔ خورہ وانگو کیڑی جم خبرداری بیکین تھول بیتی رون غیریکو تاب بیرائے۔

ای انوس خورہ وانگ کیڑیان روچھاوا ژوو پھار نیسیرو۔ کیڑیان پوشی ہتوغو اپکی اوغ گیتی گوژئے نسین پھوک غیردیرو ۔ ای داربتہ ہش بیتی ویریغی نیسی خورہ وانگوتے سلام کاردو۔ ژوو کیڑیان اشتکھیئرو، خورہ وانگو سوم تھوشیرو۔ راردو کہ "تو بیچارہ دی ہوو ہایو غیری بریوسان۔ خورو دی خبارہ گیے، کیڑیان دی۔ تہ ہیہ دی کیہ بوہرتار ساوزیرو ژانا ۔ بریوس کیہ ہمیث تتے کیہ نہ کونی"۔ ریکو خورہ وانگ راردو کہ "کیانی کوم ای نسی غریبی ای نسی غیژی گری۔ ہمی کیڑیان دی ہیہ خیالہ ہالئے اسوم کہ کورہ اڑ غال داری کی کورتام حاجتہ گونی"۔ ژوو راردو کہ " ہائے چھیلوے، تو مہ ژانی لوٗو پراو۔ اوہ دی تتے ہش تان راو اوشوتَم۔ اڑ غال داری کہ کوروس تھے خلاص بوس۔ ہیہ بابتہ مہ دی کیہ قدر حوال کہ بیرائے تہ سوم



Marfat.com

امداد کوم۔ مہ کیہ خسمت بنداوے"۔ خورہ وانگ راردو کہ "ہنیسے تہ کیہ خسمت بندیم۔ وختو سورا تان لوڑے وا"۔ ژوو راردو کہ" ائے ، اوا کہ ریمان ہمی کیڑیان متے دراوک دیت۔ تہ ژان دی پھوک بیچئیر۔ متے کورا پھوک کھائے مائے کہ پراو اوا ہیتان یومونو زیختی روشتی نیئم۔ تہ دی غوش کہ ہوئے تانتے اژ غالداریو کھوششہ بوس"۔ لووان پلھش کوری ژوو خورہ وانگو بیخہ برموغ کاردو۔ ای دربتہ ہسے کیڑیان ژوو سار نست کاردو۔

ہتیغار اچی ژوو وخت وختہ گیاو کیڑیان خیرو خبارو دیاو، کھایان گناو بیکہ دیرو۔ خورہ وانگ وے غوشیئن تان بی ہتیتان سورہ غیچ تاریئکو نو بیرو۔

تھمامو زمانا اچہ خورہ وانگ غوش کوری ای انوس کیڑیان پوشی گوم رے راہی کاردو۔ ژوو ہتوغو پوشی بے داوا بیتی راردو کہ "ہائے چھیلوئے، کیڑی بو تھول بیتی رون غیری اسونی۔ شالو دواہتو کہ ہوریتام بی ادرخہ چوکی کوئی غیری بینی۔ تو استانہ کوماڑہ کہ ہاو اوہ ہتیرہ ایہہ کوری ہتیتان تہ پاشیم"۔ خورہ وانگ کوماڑہ گیکو ژوو شالو چھوئے گوچہ ای کھماڑو ایہہ کوری تو پاشئے راردو کہ "ہیہ ٹونگو سور نو"۔ ای کولوکو ایہہ کوری "ہیہ بیلالو کولوک نو"۔ ژوو سف کیڑییان ایگان ہدامان خورہ وانگو پاشئے ہتوغو تسلی کوری ویشیئرو۔

بوسون بیکو خورہ وانگ کیڑییان انگوم رے لکھی ژوو دورہ بوغدو۔ ژوو خورہ وانگو پوشی تان سورو زوپھی کیڑیرو۔ راردو کہ "چھیلوئیے، اوہ تہ پروشٹہ بے اعتبار ہوتم۔ کیڑی مورو چھیک گیتی ایغو سوری چومپھیٹ بیتی بغانی"۔ خورہ وانگ ژووتے مالہ ست کوریکو ژوو راردو کہ "اے چھیلوئے رزقو معاملہ کیانی کوسی۔ بہر حال پھوستان لکھی اسوم۔ موری نوردوکی کوری تتے انگوم"۔



Marfat.com

خوره وانگ تانتے کیڑاو اچی گیرو۔ ای کمه بس اچه بوردوکیان انکوم رے بیکو، ژوو راردو که "ہائے چھیلوئے، پھوستان موری پھلاش کوری تیتان پوشی مه ہوش بغائے۔ داریکو نو بیتی ہتیتان چوچھیتام"۔ پھوستان سار دی ویرد بیتی خوره وانگ بو ایہه بی یو دیرو۔ راردو که "اے بے ایمان ژوو، تو مه تباہ ارو۔ اوہ ہے کیڑییان کوتھولیه بوک الیکو خیاله اسیتام۔ ہنیسے اوہ ته شیئه کیه کیڑیم۔ اوہ ته ماریم، ته کھاکه لیئان پیم"۔ ژوو راردو که " اے گشکون خوره وانگ، تو پرانگٹ مو کورے۔ ته ہتے چھور ویرکھوان بچین کا تتے بوک دیاو اوشوئے۔ تو لش اف تارئے نشے۔ اوہ ته وامو موژتو نو بیم۔ آوہ تتے باچھو ژورو انگوم"۔ خوره وانگ راردو که " اے منافق، تو کندوری مه فان تان دوسئے۔ تانتے لو، باچھو ژورو ته لووا متے دیکو لو۔ ته لووا کا تان رینیو کوستے نو دونی"۔ ژوو راردو که " اے چھیلوئے اوہ ته وامدار۔ متے ژوو راردو۔ تو لش لوڑی انگیے۔ اوہ ته فان دومان، باچھو فان دیکو نو بوما"۔ ہموش کوری ہسے اچی خوره وانگو کھمینه اوتیرو۔

ژوو راہی کوری باچھو نوغورا بوغدو۔ بی راردو که "اوہ فلانه باچھو یوشٹ۔ ہسے تان ای پھولوک ژاوتے ته ژورو مشکھیران"۔ باچھا ژوو ہالئے حال حوالان جام تسلی کوریکار اچی رضامندی کاردو۔

ژوو ساعت دوسئے اچی راہی کوری تان ژاغا توری خوره وانگوتے مشقری دیرو۔

ہنیسیں ژوو اوچے خوره وانگ بار بڑاخھیئرو۔ ژوو ای بار اشپار چھانو کوری خوره وانگوتے باریئرو وا ویشکوا پھیرو گوری تان کریمتو دیرو۔ باچھو نوغوروتے شوئیے ای سیر بیرائے۔ ہتیرا پھار نسی ژوو سیرو زوپھی اف اولئے پھیان اوچے اشپار چھانان سینو درارو۔ ژوو خوره وانگو



Marfat.com

لوقان نیژی اف پیخھی توق چان کوری ہتوغو شوغورو موژی دیرو۔

پھیرو ٹونگ ٹانگ نیسی، اشپار چھانو سینو دیتی لیئے کوریکو روئے دے گیتی ہتیرا توریرو۔ ژوو راردو که "سیر نیشپوڑی کندوری شور باردو یو باران سوم ای بیتی اوغو بغانی۔ خدایو اسپتے دی رحم، پسه تے دی، باچھو ژاوو ہش کوری اوغار نیئتام"۔ باچھو سوم خبار توریکو ہسے نوغ چالائے انزیئرو که مه جمارو انجیئے گنی انگیور۔

روئے باچھائی چلایان انگیکو، خوره وانگ زپ انجیک کیه ژانیران، پھیروالو کھاکو ژ ینگیئاک بیراے، پیرانو ڈیکتو۔ روئے اوسیکو ژوو راردو که "شازده اوغو بی بے ہوش بیتی استائے ہنیسے دی ہورو ہوش تان ژاغا نو گیتی شیر"۔ ہش کوری زپان تو گوڑو درے گنی راہی کاردو۔ باچھا تان بولو گنی ہتیتانتے پروشٹ گیرو بیرائے۔ باچھا خوره وانگو سوم چوکی کیڑیرو که خدائے اسپه غورا ہائے۔ ویزین بیکو خونزا ژوریو سوم خوره وانگو اوغ پئیرو۔

چھوچی بیکو باچھا غاژ بندیئرو۔ جمارو تے لوڑی لوڑی ای کیه دراخ استورو انگیرو۔ خوره وانگ استوری بیک کیه ژانیران۔ ژوو کوره بی قیر انگیتی ہونه درے خوره وانگو ہتیرا نشیئرو۔ غژوشنو گونتو اوچے اپکتو دی قیر منیرو۔ استورو بتینه کوری جنالیو یئی نسه التی غژوشنو خوره وانگو موشتو دیتی پڑینجو ہتیے چاکئے پھار لاکیرو۔ باچھو غاژه ساوز استور وا، سیدا جنالیو موژو گنی پھار ہژوشنوتے پھار اُلویرو۔ خوره وانگ بے ہوش بیتی ژریغ کاردوکه "ٹھور بوم مه دوسور، ٹھور بوم مه دوسور"۔ ژوو جنالیو پراشو قوژد کوری داک بیرائے "ٹھور بوم باچھو ژاو پستے پھار ہایئے"۔ پھار ہے وشکی ہتے غاژنده وار خطا بیتی پیخھی گوڑ گوڑو بیرو۔ استور خوره وانگو گنی ہژوشنو موژین پھار نسیرو۔ ژوو ہتیره بی استورو ژیلاوه چوکی اچی نه وشکی



Marfat.com

غیردئیرو۔ استور اچی ہے وشکیار خورہ وانگوچے پڑینجو گانی ہڑوخنا پھار نیسیرو۔ ہے قسمہ پھار دیتی ہاڑ، یئی دیتی ہاڑ۔ رویان ہیش کیہ عقل نو توریرو۔

باچھو نوغورہ ای کما بس بیکار اچی ژوو راردو کہ "دی خونئو گنی بیسی"۔ خورہ وانگ حیران بیتی راردو کہ " کوئی بیسی، خونئو گنی خوروتے بیسیا"۔ ژوو راردو کہ "تو لش پھک بیتی تیاری کو۔ اوہ کیہ بندوبست کوم"۔

ہموش رے ژوو راہی کوری ای خور ملکہ بوغدو۔ ہتے ملکو باچھوچے رویان ای کنو نہنگ ژوتی نوغوری اوتی استائے۔ ژوو ہتیرا بیرکہ کنو نہنگ رتھینیو پھیران لشٹی چاغ بیتی اسور۔ ژوو ای تھرینگوڑ، ای پیلیسک کٹار، ای پتھاخ گنی کوماڑہ بی اف کوری نہنگوتے راردو کہ "اے چھیلوئے تہ سار دی دیش نہنگ تتے ہائے، اوشٹورے"۔ کنو نہنگ راردو کہ "مہ سار دیش نہنگ کیچہ بوئے"۔ ژوو تھرینگوڑو اف کوری پاشئے راردو کہ "ہتوغو قف ہیہ"۔ پلیسک کٹارو پاشئے راردو کہ "ہتوغو سور ہیہ"، وا پتھاخو پاشئے راردو کہ "ہتوغو غیچ ہیہ"۔ کنو نہنگ بوہتوئی راردو کہ "اے چھیلوئے، ہیس مہ ژیبوئے، دی اوہ کیچہ بوم"۔ ژوو راردو کہ "شومہ دارانان موڑہ اوتے"۔ نہنگ دارانان زوپھی ہتے موڑہ اوتیکو ژوو داران اچی ہتوغو سوزتو دیرو۔ ژوو راردو کہ "ہتے لوٹ نہنگ کہ ہائے پھوک پیچی کوئے، پڑیمو پڑاخ کوئے، تو ہواز مو کو، ایہہ تان ترانگاوے"۔ ہش رے ژوو داران انگار چکیئرو۔ دارانو چوکی کنو نہنگو سوم ای بیتی پھیرو بیکو، ژوو اچی باچھو نوغورا توری تان سورو زوپھی کیڑی راردو کہ " ای پھولوک ژاو اوغو بغائے رے خبار گیکو باچھا دنیا پیخھی کشتی گوڑو درے کوئی غیری بوغدو۔ روئے دی گدائے بیتی، کا کوئی کا کوئی بوغدو۔ نوغور اشپقیتی ماڑی بیتی شتا ہوا



Marfat.com

باچھا بو امبوخ مال اوچے روئے تان ژوروتے دیتی ویشیئرو۔ پیخھیرو نوغورا بی خورا وانگ باچھا بیتی تان خونئو گنی حال بیرو۔ ژوو دی ہتیتان سوم حال بیرو۔

وخته مائی وخته ای انوس باچھا اوچے خونئا بیری نیساوا لاڑینی که ژوو دواہتو بیلی ژان نو شیرؤو غونه پیخھی شیر۔ خونئا ژریغ کاردو که " اوه دی کیانی بوم، دنیا تونج ہوئے، چھیر تت بیردو"۔ باچھا راردو که " اف لاکے که وَه لوچی ژؤو۔ خدائے مه اوچے تتے خیر کورار"۔ ہش ریکو ژوو ڈاز روپھی ہیره دیتی راردو که "اے خوره وانگ ته ای خوره، چھور کیڑی اوشونی نو۔ اوا ته کیڑیان ژبیکو تو مه وام دوسیتاو نو۔ اَوه تتے باچھو ژورو الیتام نو ۔ ہیه نوغورو دی اوا تتے یئی نیئتام نو ۔ تو ہنیسے مه اسپوک نامیئسانا"۔ خونئا راردو که "چھیر تت اسپتے بو کیه کوری اسور۔ ہنیسے ہیه زارو بیکو اسپه ہموتے خسمتو وخت۔ اسپه ہموتے ادب کوریلیک"۔ ژوو خونئو بہیل کوری راردو که " اوه که اوبریتام، مه ای لوٹ تاوینو دیتی قلف دیتی لکھے۔ کیه وخت که تتے بو مجبور ہوئے تھے تاوینو ہورے"۔

کندوری زمانا ژوو بیردو۔ خونئا ژوو وارغانو لوٹ تاوینو دیتی، قلف چکئے لکھیرو۔ بس شوخخیرو، مس شوخخیرو، سال شوخخیرو، ہرونیه ای انوس لڑینی که پھارار خونئو برار لوٹ روم شه دارانان اچه چکیئے خومیرو۔ خونئا وار خطا بیرو که دی میتان کیچه کوری پارویزیم۔ دسته ہیش کیاغ نیکی۔ ہرونیه ژوو وصیت تو یادی گیرو ۔ دے بی تاوینو ہوریر که ہتیرا ٹپ اشرفی اوچے دردانه کوری پیخھی شینی۔ خونئا ہتیتان سوره تان براروچے ہتوغو شه دارانان جام شیئلی کوری پارویزیرو۔ ہتیغار اچی دی پوره دولت ہتوغوتے اچی بہچیرو۔

ای نوغه تاو درازہ اویتی نوغه پوروزبروتی



Marfat.com

# پن چکی والا

ایک تھا پن چکی والا۔ اس کی کل دنیا میں ایک پن چکی تھی یا پھر چند بھیڑیں۔ دن بھر وہ پن چکی میں کام کرتا اور رات کو یہیں سو جاتا۔ آگے پیچھے کوئی تھا نہیں۔ شادی وہ نہیں کر سکتا تھا کیوں کہ گھر اس کا تھا نہیں بیوی کو کہاں لے جاتا؟ اور بیوی اس کو دیتا بھی کون؟ ہر وقت چکی پیس پیس کر گرد میں اٹا ہوا، سر کے بال اور داڑھی بے تحاشا بڑھی ہوئی۔ اسے دیکھ کر لوگوں کو خوف آتا تھا۔ اس کو امید تھی کہ بھیڑوں کی تعداد بڑھ جائے گی تو اس کی مالی حالت بہتر ہو جائے گی۔ اس وقت شاید وہ شادی کرنے کے قابل ہو جائے گا۔

ایک دن چکی والا چکی میں غلہ ڈال کر باہر اپنی بھیڑیں چرا رہا تھا کہ لومڑی ادھر آ نکلی۔ موٹی تازی بھیڑوں کو دیکھ کر اس کے منہ میں پانی بھر آیا۔ پہلے تو وہ دور دور پھرتی رہی۔ پھر سامنے آکر اس نے چکی والے کو سلام کیا۔ بھیڑوں کی بڑی تعریف کی۔ چکی والے کی خوشامد کی۔ بولی: "تو بے چارہ بھی بڑی محنت کرتا ہے۔ چکی چلانا اور اس کے ساتھ بھیڑوں کی نگرانی کرنا؛ مجھے تو تم پر رحم آتا ہے۔ آخر کب تک یونہی زندگی گذارو گے؟"

"اور کروں تو کیا کروں؟" چکی والے نے کہا:



Marfat.com

"میں کہوں کہ تم کہیں شادی کر لو۔ ایک سے دو بھلے اور کچھ نہیں تو کھانا ہی پکا دے گی اور بھیڑوں کی دیکھ بھال کرے گی۔" لومڑی نے بات آگے بڑھائی۔

چکی والے نے ٹھنڈی سانس بھری: "میرا بھی یہی خیال ہے۔ یہ بھیڑیں بھی اس امید پر پال رکھی ہیں کہ پھلیں پھولیں تو ان کے بل بوتے پر شادی کر لوں اور میرے پلے کچھ ہے بھی تو نہیں۔"

"بالکل بجا خیال ہے۔" لومڑی نے کہا: "اس سلسلے میں میرے لائق کوئی خدمت ہو تو بلا جھجک کہہ دینا۔ آخر ایک دوسرے کے کام آنا ہی تو انسانیت ہے۔"

چکی والا اس کی چکنی چپڑی باتوں سے بہت متاثر ہوا اور بولا: "آپ کا بہت شکریہ۔۔۔ ضرورت ہوئی تو یقیناً کہہ دوں گا۔"

"ضرورت کسے نہیں ہوتی؟" لومڑی نے کہا: "اب ان بھیڑوں کی دیکھ بھال ہی کو لے لو۔ یہ تو ایک مستقل جھنجھٹ ہے۔ تیرے لیے چکی کا کام ہی بہت ہے۔ اوپر سے ان بھیڑوں کو سنبھالنا۔۔۔ میں تو کہوں کہ انہیں میرے حوالے کر دو، سردیوں میں میں ان کی دیکھ بھال کروں گی اگر تم چاہو تو تھوڑی بہت مزدوری چکی کے آٹے کی صورت میں دے دو اگر نہ بھی دو تو کوئی بات نہیں۔ میرا مقصد صرف تمہاری مدد کرنا ہے۔"

اب چکی والا اور بھی متاثر ہوا اور بلا تامل بھیڑیں لومڑی کے سپرد کر دیں۔



Marfat.com

لومڑی بھیڑیں لے گئی اور وقتاً فوقتاً آکر چکی والے سے آٹا وغیرہ لے جانے لگی۔ وہ بھیڑوں کے بارے اچھی اچھی خبریں سناتی: مثلاً بھیڑیں بہت موٹی ہو گئی ہیں، دو نے بچے دیے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ چکی والے کو اس دوران فرصت نہیں ملی کہ وہ جا کر بھیڑوں کو دیکھ آئے۔

کئی مہینے بعد ایک دن وقت نکال کر وہ بھیڑوں کو دیکھنے چل دیا۔ لومڑی کے ہاں پہنچا تو وہ اسے دیکھ کر بہت پریشان ہوئی۔ ادھر ادھر کی باتیں کرنے لگی۔ چکی والے نے بھیڑوں کو دیکھنا چاہا تو کہا: "وہ تو اتنی موٹی ہو گئی ہیں کہ جنگلی بھیڑوں کی طرح قابو میں نہیں آتیں۔ اس لیے انہیں باہر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ تم ایسا کرو کہ کوٹھڑی کی چھت پر آجاؤ۔ میں اندر جا کر چھت کے سوراخ سے بھیڑیں تمہیں دکھاؤں گی۔"

چکی والا چھت پر چڑھا تو لومڑی نے اندھیری کوٹھڑی کے ایک کونے سے کہا: "یہ دیکھو۔۔۔۔ لمبے کانوں والی کا سر۔۔۔۔۔۔ یہ رہی کالی کی ٹانگ۔۔۔۔" وغیرہ وغیرہ۔

چکی والے کو تسلی ہو گئی اور وہ خوش خوش واپس آگیا۔

سردیاں گزر گئیں تو چکی والا اپنی بھیڑیں واپس لینے چلا۔ لومڑی کے ہاں پہنچا تو وہ اسے دیکھ کر دھاڑیں مار مار کر رونے لگی: میں برباد ہو گئی۔ میرا اعتبار ختم ہو گیا۔ بھیڑیں کسی نامعلوم بیماری کا شکار ہو کر ایک ایک کر کے مر گئیں۔ اب میں تمہیں کیا منہ دکھاؤں؟" چکی والا سمجھ گیا کہ بھیڑیں لومڑی خود کھا گئی ہے اور اب ڈرامہ کر رہی ہے۔ اس نے لومڑی کو جی بھر کر برا بھلا کہا۔ لومڑی نے کہا: "بھائی چکی والے! یہ رزق کا معاملہ ہے۔



Marfat.com

رونے دھونے سے کیا فائدہ؟ تمہاری قسمت میں بھیڑوں سے فائدہ نہیں لکھا تھا۔ ویسے میں نے سب کی کھالیں اتار کر محفوظ کر لی ہیں۔ چند دن بعد انہیں نرم کر دوں گی۔ پھر آ کے لے جانا۔" چکی والے نے سوچا: "بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی۔ کھالیں بھی مل جائیں تو غنیمت ہے۔" یہ سوچ کر وہ واپس چلا آیا۔

چند دن بعد وہ کھالیں لینے لومڑی کے ہاں گیا تو وہ کھسیانی ہو کر بولی: "بھائی چکی والے! کھالوں کو خوب نرم تو کیا تھا لیکن ایک دن ایسی بھوک لگی کہ صبر نہیں ہو سکا اور کھالیں ہی چبا ڈالیں۔"

اب چکی والے نے تو آسمان سر پر اٹھا لیا۔ "خدا تم کو غارت کرے، تو منحوس دھوکے باز، تو نے میرا سب کچھ تباہ کر دیا۔ میں نے ان بھیڑوں کے بھروسے پر شادی کے کیسے کیسے خواب دیکھے تھے؟ اب میں کہاں جاؤں میں تمہیں چھوڑوں گا نہیں، میں تمہارا خون پی جاوں گا۔"

"اب بس بھی کرو یہ چیخ پکار۔" لومڑی بولی: "میں نے تیرا کون سا بڑا نقصان کیا؟ چند مریل بھیڑیں ہی تو تھیں۔ ان کے بل بوتے پر شادی کرنا چاہتے تھے؟ تم نے اپنی شکل دیکھی ہے۔ تمہیں کون دے گا اپنی بیٹی؟ اب خاموش ہو جاؤ۔ میں کراوں گی تمہاری شادی اور وہ بھی بادشاہ کی بیٹی سے۔ اب تو خوش ہو نا؟

چکی والا بگڑا اور لومڑی کو خوب لعنت ملامت کی لیکن لومڑی نے اپنی چکنی چپڑی باتوں سے اسے پھر سے شیشے میں اتار لیا اور بادشاہ کی بیٹی سے اس کی شادی کا خواب دکھا کر ٹھنڈا کر لیا۔

اب چکی والے نے یہ سوال اٹھایا کہ بادشاہ اپنی بیٹی اسے کیوں دے گا؟ اور بادشاہ کے سامنے یہ تجویز لے



Marfat.com

کر جائے گا کون؟ لومڑی نے کہا: "بے وقوف چکی والے! تم اپنے ناکارہ دماغ پر زیادہ زور مت ڈالو۔ یہ سب میرے سوچنے کی باتیں ہیں۔ میں جیسا کہوں ویسا کرتے جانا۔"

اس کے بعد لومڑی کئی دن تک غائب رہی۔ ایک دن وہ اس خوش خبری کے ساتھ واپس آئی کہ بادشاہ نے رضامندی ظاہر کر دی ہے۔ اب تیاریاں شروع ہو گئیں۔ تیاریاں تو انہوں نے کیا کرنی تھی بس چکی والے کے بال کٹوا کر اسے انسانوں کی جون میں لایا گیا۔ دو بڑے ٹوکرے تیار کروائے گئے، ایک میں راکھ بھری گئی جبکہ دوسری میں پت جھڑ کے زرد پتے۔

صبح سویرے دونوں ٹوکریاں اٹھائے روانہ ہو گئے۔ بادشاہ کے شہر کے قریب انہیں دریا کا پل پار کرنا تھا۔ پل پر پہنچ کر دونوں نے لکڑی کا پل اکھاڑ کر دریا میں پھینک دیا۔ دونوں ٹوکرے بھی دریا میں پھینک دیے۔ لومڑی نے چکی والے کے کپڑے اتار کر پھینک دیے اور اسے ننگا کر کے ریت میں دبا دیا۔ وہ خود شور مچاتے ہوئے شہر کو دوڑی کہ شہزادے کی بارات پل ٹوٹنے سے دریا برد ہو گئی۔ بارات کا سارا ساز و سامان بھی دریا کے لہروں کی نذر ہو گیا۔ صرف شہزادے کی جان بچی وہ بھی بغیر کپڑوں کے ریت پر پڑا ہے۔

بادشاہ کو خبر ملی تو اس نے شکر ادا کیا کہ اس کے داماد کی جان بچ گئی۔ داماد کے لیے عمدہ شاہانہ لباس بجھوایا گیا۔ اس کے بعد ملک کے معززین داماد کے استقبال کے لیے روانہ ہو گئے۔

ادھر جب شاہانہ لباس چکی والے کو دیا گیا تو اس کو کچھ سمجھ نہیں آیا کہ کون سا کپڑا کس طرح پہنے؟ اپنی



Marfat.com

بے چارے نے اب تک ایک پھٹے پرانے اونی چغے کے سوا کچھ نہیں پہنا تھا۔ اس نے پاجامہ سر پر پہننے کی کوشش کی۔ استقبال کے لیے آنے والے حیران ہوئے تو لومڑی نے کہا کہ شہزادہ پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے بدحواس ہو کر ایسی حرکات کر رہا ہے۔ بہر حال لومڑی نے جیسے تیسے کپڑے اسے پہنائے اور سب لوگ اسے لے کر شاہی محل چل پڑے۔

محل پہنچے تو بادشاہ نے اپنے درباریوں کو لے کر داماد کا استقبال کیا۔ شہزادی سے اس کی شادی ہوئی اور وہ محل میں رہنے لگا۔

چند دن یہاں رہنے کے بعد لومڑی نے تجویز پیش کی کہ ہم شہزادی کو لے جائیں گے۔ چکی والا حیران ہوا کہ کہاں لے جائیں گے؟ لومڑی نے کہا: کہ یہ اس کا کام ہے، چکی والے کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ بادشاہ سے لومڑی نے کہا: کہ وہ جا کر اپنے بادشاہ کو خبر کر دے تا کہ وہاں تیاری کی جائے۔

لومڑی چند دن غائب رہنے کے بعد روتی دھوتی ہوئی واپس پہنچی۔ وہ یہ خبر لے آئی تھی کہ ان کا بادشاہ اور ملکہ اپنے بیٹے کے دریا میں ڈوب کر ہلاک ہونے کی خبر سن کر شدت غم سے مر گئے۔ شہر کے لوگ ادھر اُدھر بکھر گئے اور شہر ویران پڑا ہے۔ یہ سن کر بادشاہ نے بہت سامال و دولت اور نوکر چاکر ان کے ساتھ کر دیے اور سب روانہ ہو گئے۔ لومڑی، چکی والے، شہزادی اور باقی سب لوگوں کو لے کر ایک شہر پہنچی جہاں کوئی انسان نظر نہیں آتا تھا۔ دراصل اس شہر کے تمام لوگوں کو بادشاہ سمیت ایک کانے دیو نے ہڑپ کر لیا



Marfat.com

تھا اور وہ اب اس شہر پر قابض تھا۔ شہر سے ایک دو منزل دور پہنچ کر لومڑی آگے چلی تا کہ وہ انتظامات کرے۔

لومڑی نے اپنے ساتھ ایک ترنگل، ایک تھالی اور ایک بکرے کی کالی پوستین لے لی۔ وہ یہ سب کچھ لے کر بادشاہ کے محل کے ایک کمرے کے روشن دان پر گئی جس کے اندر کانا دیو قیام پذیر تھا۔ روشن دان سے اس نے آواز دی: "اوئے کانے! بھاگو، تم سے بھی بڑی بلا آرہی ہے۔" "مجھ سے بڑی بلا؟" دیو نے ہنس کر کہا: "آنے دو دیکھ لیں گے۔"

"ادھر ابھی دیکھ لو، یہ اس کا ہاتھ ہے۔" لومڑی نے ترنگل دیکھا کر کہا: "یہ رہی اس کی آنکھ" اس نے تھالی آگے کر دی، "اور یہ ہے اس کا سر۔" اس نے لمبے بالوں والی پوستین دکھائی۔ اب دیو گھبر ایا: "اب میں کیا کروں؟" وہ گڑ گڑایا۔ لومڑی نے دیو کو فوراً باہر نکلنے اور لکڑیوں کے ٹال میں چھپنے کو کہا۔ دیو وہاں چھپ گیا تو لومڑی نے بہت سی لکڑیاں اس کے اُوپر ڈال دیں۔ اسے ہدایت کی: "جب بلا آئے گی تو پہلے چٹاخ پٹاخ کی آوازیں آئیں گی پھر گرمی محسوس ہو گی لیکن تم ہلنا نہیں۔ بلا کو میں سنبھال لوں گی۔"

یہ کہنے کے بعد اس نے لکڑیوں کو آگ لگا دی اور تھوڑی دیر بعد دیو ٹال کے ساتھ جل کر راکھ ہو گیا۔

اس کے بعد لومڑی جا کر سب کو شہر لے آئی اور چکی والا بادشاہ بن کر اپنی ملکہ کے ساتھ رہنے لگا۔ لومڑی بھی بادشاہ کی مشیر بن کر رہنے لگی۔



Marfat.com

برسوں بعد ایک دن جب بادشاہ اور ملکہ محل سے باہر نکل رہے تھے تو دیکھا کہ لومڑی دروازے کے آگے مری پڑی ہے۔ ملکہ نے یہ دیکھ کر "ہائے لومڑی خالہ" کہا اور دل پکڑ کر بیٹھ گئی۔ چکی والے نے کہا: "چھوڑ بھی ملکہ، خبیث لومڑی کی کیا حیثیت ہے جس کے لیے ہم ماتم کریں۔" ملکہ نے کہا: "نہیں، آپ کو ایسا نہیں کہنا چاہیے۔ لومڑی ہماری محسن تھی۔" یہ کہنا تھا کہ لومڑی اٹھ کھڑی ہوئی اور کہنے لگی: "ارے چکی والے! تم بھول گئے کہ تم کون ہو؟ کیا تم ایک چکی اور چند بھیڑوں کے مالک نہیں تھے؟ کیا میں نے تمہاری شادی شہزادی سے نہیں کرائی؟ کیا میں نے تمہیں اس شہر کا بادشاہ نہیں بنایا؟ اور اب تم مجھے خبیث لومڑی کہتے ہو؟" چکی والا بہت شرمندہ ہوا اور لومڑی سے معافی مانگی۔

لومڑی اب بہت بوڑھی ہو گئی تھی۔ وہ ملکہ سے بہت خوش تھی اس لیے اس نے اسے علیحدگی میں وصیت کی کہ جب وہ مر جائے تو اس کی لاش ایک بڑے صندوق میں بند کر کے اپنے پاس رکھے اور جب اسے کوئی بہت شدید ضرورت پیش آئے تو اس صندوق کو کھول کر دیکھ لے۔ جب لومڑی مر گئی تو ملکہ نے وصیت کے مطابق اس کی لاش ایک بہت بڑے صندوق میں ڈال کے اپنے پاس رکھ لی۔

ایک عرصہ گذرنے کے بعد خبر ملی کہ ملکہ کا بھائی بہت سے لوگوں کو لے کر بہن سے ملنے آرہا ہے۔ ملکہ یہ سن کر بہت فکر مند ہوئی کیوں کہ اس کی مالی حالت ایسی نہیں تھی کہ بھائی اور اس کے ساتھ آنے والوں کا شایان شان استقبال کیا جا سکے۔ اسی اثنا میں اسے لومڑی کی وصیت یاد آگئی۔ اس نے صندوق کھول کر دیکھا تو



Marfat.com

وہ ہیرے جواہرات اور سونے سے بھرا ہوا تھا۔ ملکہ نے یہ دولت نکالی اور بھائی کا خوب شان و شوکت سے استقبال کیا۔ اس کو اور اس کے ساتھ آنے والوں کو کئی دن تک ٹھہرایا اور واپسی پر سب کو قیمتی تحائف دیے۔

اس طرح لومڑی نے مرنے کے بعد بھی ان کا ایک بڑا مسئلہ حل کر لیا۔





Marfat.com

# اوہرخو شلوغ

وختہ مائی وختہ ای موش ادرخہ بی دار دیاو استائے۔ ای انوس ہسے لوٹ کانو دیتی یو غیرئے ہتوغو موژو نیزیکو بچین پانہ چکیرو۔ ناوخت بیکو ہسے چھوچھی گیتی ہمو موژو نیزیم رے پیخھی دورو تے گیرو۔

چھویو اوہرخ پھار نیسیرو کہ کان ٹھورئے پیخھی شیر۔ ہتوغو ژان نو تھی، بی دارو ٹیکتو نیسیرو۔ ہئے ہائی دراغلی ساپھئے پانو دارو موژار یئی نیزیرو۔ ہے موژی ہتوغو اچھو پونگ دارو تراچو غیریرو بیرائے۔ پانو یئی نیزیکو دار گیتی ایتو چوکی اوہرخو پونگ ہتوو خرپ گری بہچیرو۔ اوہرخ چھوئے روشت دیکا پت واغیئاو غوندریئاو، دارو دراغلاو زوپھاو روشتیو خامیئرو۔

چھوچھی بیکو دار دراک موش اچی ایہہ نیسیرو کہ اوہرخ پَھشی چوکی اسور۔ ٹھونگیئن دیتی مو سورو چھینیم رے، اچی ہتوغو ژان پولویرو۔ پانو اچی دارو موژو دیتی اف ٹھخیئکو دار پھاریئی بیتی

اوہرخ قفو یئی نیزی خلاص بیرو۔

اوہرخ بیزیو ژاندار وا، کوس کاردؤو کیہ ہوش کوئے۔ ہسے مینہ داری کوریکو ژاغا اچی غیری موشو ژبیکو چق بیرو۔ موش تان ژانہ راردو کہ یہ کیہ بلاہہ چھونیتام۔ خور کیہ تو عقل



Marfat.com

نو توری اوہرخوتے راردو که "اوا دوره غیژی۔ اف چھوچھی مه کِش شیر۔ چھوچھی ہتوغو که کشیتام تھے گیتی ما ژیبے"۔ اوہرخ ہیه لوا راضی بیکو موش دوروتے گیرو۔

دوره گیتی موش تان بوکو تے راردو که ہموش بلاہه چھونی اسوم۔ اوہرخ چھوچھی گیتی مه ژیبویان۔ بوک بو تھرار کمیری بیرائے۔ ہیس موشوتے راردو که "تو بے غم بوس، حیوان اوہرخو متے لاکے"۔

چھوچھی موش کِش بوتیکو کمیری پھارو ہتیرا بی کھوشت بیرو۔ ہرونیه اوہرخ دی ژوہتئے پیدا بیرو۔ گیتی موشوتے راردو که " کِشو شاو رو نَسی نیزی تیار بوس، اوا ہرونیه پت برونو گوچی پوریکه دوم"۔

ای داربته کمیری پھاراریئی کوری ہوئے دیرو که"اے موش میتاری اوہرخ دوساک گیتی اسونی۔ تو کوره اوہرخ نو پوشی اسوسا"۔

موش راردو که "اوا کیه اوہرخ موہرخ نو پوشی اسوم"۔

کمیری اچی یئی کوری راردو که " ته نسه برونو گوچی ہیس اوہرخ نو کیاغ"۔

موش راردو که " ہیس بیئو بوردوکی" ۔

کمیری راردو که " بیئو بوردوکیو وا روم بویا"۔

اوہرخ بے دوا بیتی موشوتے راردو که "اے چھیلوئے، مه رومو چھینے"۔

موش میہو کوتیرو یئی نیزی ژش اوہرخو رومو چھینیرو۔

کمیری اچی کوری راردو که"بیئو بوردوکیو وا کار بونیا"۔



Marfat.com

اوہرغ راردو که "اے چھیلوئے، مه کاران چھینے"۔ موش خشپ ہتوغو کاران چھینیرو۔
کمیری ہرونیه یئی کوری راردو که "بیٹو بوردوکیو وا ڈیک بونیا"۔
اوہرغ راردو که "چھیلوئے چھیلوئے۔۔۔ مه ڈیکان دی چھینے"۔ موش اوہرخو ڈیکان دی چھینیرو۔
کمیری اچی کوری راردو که "بیٹو بوردوکیو وا سور بویا"۔
اوہرغ راردو که "کیه علاج کو، مه سورو دی چھینے"۔ موش دیتی اوہرخو سورو چھینی پہار پیخھی تان ژانو خلاص کوری کشو کشیرو۔





Marfat.com

# ریچھ اور کسان

ایک کسان جنگل میں لکڑیاں کاٹنے گیا۔ ایک بڑے درخت کو گرا کر اسے درمیان سے پھاڑنے کے لیے اس میں پھانے لگائے۔ شام ہونے کو آئی لیکن وہ کام ختم نہ کر سکا۔ اس لیے وہ گھر چلا گیا تاکہ اگلے روز آکر کام مکمل کر لے۔

رات کو ایک ریچھ ادھر آنکلا۔ درخت کو گرا ہوا دیکھ کر وہ قریب آیا تاکہ اس کی شاخوں میں کھانے کے لیے کوئی پھل وغیرہ تلاش کرے۔ پھل تو شاید اسے نہیں ملا البتہ درخت کے تنے میں لگے ہوئے پھانوں کو دیکھ کر اسے دلچسپی پیدا ہو گئی کہ یہ کیا ہیں؟ وہ تنے کے اوپر بیٹھ کر پھانوں کو کھینچنے لگا۔ اس دوران اس کا ایک پاؤں تنے کے دو حصوں کے درمیاں آگیا تھا۔ جب اس نے خوب زور لگا کر ایک پھانہ نکال دیا تو تنے کے دو حصے آپس میں مل گئے اور ریچھ کا پاؤں درمیاں میں پھنس گیا۔ ریچھ رات بھر غراتا رہا چیختا رہا لیکن رہائی نہ پا سکا۔

اگلے روز کسان واپس آیا تو ریچھ کو پھنسا ہوا دیکھ کر پہلے تو چاہا کہ کلہاڑی سے اس کا سر کاٹ دے لیکن پھر اسے رحم آیا۔ اس نے پھانہ واپس لگا کر ٹھونک دیا تو لکڑی کے دونوں حصے پھر سے جدا ہو گئے اور ریچھ کا پاؤں نکل گیا۔



Marfat.com

قید سے چھوٹ جانے کے بعد ریچھ کو کسان کا شکریہ ادا کرنا چاہیے تھا لیکن وہ الٹا کسان کو پھاڑ کھانے کے درپے ہو گیا۔ کسان بے چارہ بڑا پریشان ہوا کہ نیکی کا یہ کیا صلہ ملا؟ اس نے ریچھ سے کہا: ”اگر تم میرے احسان کا یہی بدلہ دینا چاہتے ہو تو ٹھیک ہے لیکن مجھے اتنی مہلت دے دو کل میں اپنا کھیت کاشت کرلوں۔ اس کے بعد بے شک مجھے کھا لینا۔“ ریچھ اس پر راضی ہو گیا۔

جب کسان گھر پہنچا تو بڑا فکر مند تھا۔ اس کی بیوی بڑی ہوشیار عورت تھی۔ اس نے اندازہ لگایا کہ کوئی گڑبڑ ہے۔ اس کی بیوی نے جب پوچھا تو کسان نے سارا واقعہ اسے سنایا۔ بیوی بہت ہنسی اور کہنے لگی: ”ریچھ جیسے کم عقل جانور سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے تم فکر نہ کرو میں سب کچھ سنبھال لوں گی۔ میں جیسا کہوں تم ویسا کرنا۔“ پھر اس نے کسان کو بتایا کہ اسے کیا کرنا ہے؟

اگلی صبح کسان اپنے بیلوں کی جوڑی لے کر گاؤں سے باہر کھیت میں جا کر ہل چلانے لگا۔ اتنے میں ریچھ بھی آن پہنچا۔ اس نے کسان سے کہا: ”تم جلدی جلدی ہل چلا کر فارغ ہو جاؤ۔ میں تھوڑی دیر کھیت کی منڈیر پر آرام کرتا ہوں۔“ تھوڑی دیر بعد دور سے کسان کی بیوی نے اپنے شوہر کو آواز دی: ”ارے او کسان! اِدھر بادشاہ کے شکاری ریچھ پکڑنے آئے ہیں۔ تم نے کوئی ریچھ تو نہیں دیکھا؟“

”نہیں۔۔۔ میں نے کوئی ریچھ نہیں دیکھا ہے۔“

”ادھر تمہارے کھیت کی منڈیر پر کیا ہے؟“



Marfat.com

"یہ تو بیجوں کی بوری ہے۔"

"لیکن بیجوں کی بوری کے کان تو نہیں ہوتے۔"

یہ سن کر ریچھ نے کسان سے کہا: "کسان بھائی! میرے کان کاٹ دو۔" کسان نے فوراً ریچھ کے کان کاٹ دیے۔

"لیکن بیجوں کی بوری کی دم بھی تو نہیں ہوتی۔" عورت نے آواز لگائی:

"میری دم بھی کاٹ دو۔" ریچھ نے سرگوشی کی:

کسان نے دم بھی کاٹ دی۔

عورت نے پکارا: "تو کیا بیجوں کی بوری کی ٹانگیں بھی ہوتی ہیں؟"

ریچھ نے اپنی ٹانگیں بھی کٹوا دیں۔

پھر آواز آئی: "اچھا تو بیجوں کی بوری کا سر تو ضرور ہوتا ہو گا۔"

"جلدی سے میرا سر بھی کاٹ دو۔"

ریچھ نے کہا:

سر کٹنے سے ریچھ مر گیا۔ اس طرح عورت کی ہوشیاری نے اس کے شوہر کی جان بچالی۔



Marfat.com

# لاہورو گازہ ---

قدیم زمانا گور کمیری باک بیرانی۔ پیاڑو گور رے البت پسه کارا شیر۔ آنه پهاری پیاڑو علاقا ہمی گور بو زیاد بیرانی۔ اسپه ہائی دی ای گانه کوراکیمیری گور غیراک بیرائے۔

ہمیت انوسو وخته عام کیمیریان باک بیرانی، مگم چھوئی بیکو گور غیرری اف نیسی ایغو دوسی کوساک بیرانی۔ چھویو انسان یا مال کیاغ که رویتو دیاک بیرائے ہیت ای بیتی ہتو لیئو اشلوئی ماری پیخھاک بیرانی۔

وخته مائی وخته ای ژاغا ای واو گور غیریرو ۔ ہسے جم آباد دورو ینی واو بیرائے۔ ہتوغو سوت ژیرژاو سوت روژایگینی بیرانی۔ ہیش کوس دی کیه گمان نو که ہیه واو گور غیری اسور۔

انوسو واو اژیلیان گنی ہوو ہایو غیری دورو ینی گری کوراک بیرائے۔ چھوئے بیکو دورو رویان پورئے، واو ایہه رو پھاک بیرائے۔ روپھی ٹیکه بی چھوه پھوه کوری ہتیرا سیری کِشاک بیرائے، چھوه پھوه کوری ہتوغو چاته تَریئاک بیرائے۔ چھوه پھوه کوری توغو لے، داپھیئے، دیشوا درے پیشِی پھاکی کوری ای تان لوسی ای تان کوکوڑیو لاسئے، تان چخرو سورو نیشی اولوئےاف نیسی بوغاک بیرائے۔ کوکوڑی دی ہتوغو اچه اولوئے بوغاک بیرائے۔

واو اف نیسی تان یاریری گوران بڑاخئے لاوہورو شہروتے بوغاک بیرائے۔ لاوہورو گازا ہی



Marfat.com

گور یار بوڑی چخران سورو نیشی شہتی غاڑ کوراک بیرانی۔ واؤو کوکوڑی نسه نیشی ہیتانتے بیڑو بشیئاک بیرائے۔ ویلاغ بیلو بیکو غاڑو نسی نیزی گور تان تان دورانتے بوغاک بیرانی۔ واو دی اچی دورا گیتی تھرشک نو کوری تان موڑا بی پوراک بیرائے۔

کیه انوس که شہتی واؤو سورو غیراک بیرائے، واو دورا گیتی شالی ای جام لوٹ مالو اف نیزی گورانتے دیاک بیرائے۔ گور ہورو لیئان پی بوغاک بیرانی۔ ہاش کوری کوری ای سالو اندرینی تان واو شالو نغڑی کاردو۔

مال کھول بیکار اچی ای انوس واؤو سورو شہتی غیریکو ویلاغبیلو اچی گیتی کھونوان موڑی اوتیرو بیرائے، ہرونیه شرانه غوڑوغامیش بیرو۔ واو راردو که "اے اڑیلیان بیری کیه فاقیه ہوئے، کا اف نیسی لوڑور کی"۔ ای ژاو روپھی اف نیسی اچی نو گیرو۔ چھوچھی روپھی لڑینیان که لئے اشلوئن کوری دروکاڑا التی پیچھی شیر۔ ای کما بسه وا ہش تان بیری ہوازہ بیرو۔ ای خور ژاو اف نیسی اچی نو گیرو۔ ہاش بیتی بیتی واؤو سوت ژیرژاو گور غاری بیتی، روڑایگینی پیخھاو تتو دوروتے بی کھُل بیتی ای ژاو اوچے روڑایو بہچیرو۔

ای انوسو واو چھویو ایہه روپھی چھوہ پھوہ کوری سیری کِشیرو، چھوہ پھوہ کوری ہتوغو تریئے

لاردو۔ دیشوا درے پیشی پھاکی کوری ای تان لوسی ای کوکوڑیو لاسئے چخرو سورو نیشی اف نیسی بوغدو۔ واؤو آخری روڑایو ہے انوس اینگار تان سورو اوراری درے لوڑاو استائے۔ واو اف نیسیکو ہسے دی ایہه روپھیرو۔ ٹیکه بی دیشوتو لی، گوشینیو سورو نیشی اولوئی واؤوا اچھه



Marfat.com

ہیچ چقه لاہورو گازا توریرو۔ ہسسے ہتیرا بی ای گوچه کھوشت بیرو۔ گور دی بڑاخ بیتی یار بوڑی چخور غاڑ شروغ کاردو۔ غاڑشروغ بیکو سوم ہسے وشکی ہتے ٹیم واؤو سورا ایہه دیتی ہاڑ، اف دیتی ہاڑ، درزینار زیاد کاردو۔ ویلاغبیلو شوئے بیکو روژایو گوشینیو سورو نیشی اچی دوروتے راہی کاردو۔

دورا توری روژایو تان موشوتے راردو که ہنون کیه ہوازه که ہوئے تو ایہه نو روپھی پھک بیتی حال بوس۔ ہش رے روژایو دی تان سورو اوراری درے حال بیرو ۔ ہرونیه واو دی گیتی لش تان موژه پوریرو۔ ای داربته بیری ہوازه بیرو۔ واو سورو ایہه کوری راردو که " اے اژیلیان بیری نیسور که کیه ہوازه ہوئے"۔ ریکو روژایو پھار کوری راردو که "اے نان ته ژاو چھوئے روشت دیتی شیر، انداو کوری ای ٹوک نو بیتی۔ ہنیسے تھیسوم غیچ غیچھوتے گیتی شیر"۔ واو راردو که " اے ژور تو تان اف رو بوغے کی"۔ ریکو روژایو راردو که "مه سوم دیِوش اژیلی اسور، ہیه زران بوئے۔ تو تان کیانی بوسان"۔ واو راردو که "ژورئے، مه غیچ که پاشینیان پستے ریمانا"۔ روژایو اچی کوری راردو که "که نو تان کوکوڑیوتے راوے نو، اف نیسی لاڑیر"۔ واو راردو که"اے ژور ته کیه فخوم بی شیر۔ کوکوڑی کیچه کوری دواہت ہوریران"۔ ریکو روژایو راردو که "ہیس لاہورو گازا بیڑو باشیئکو بوئے، دواہت ہوریکو نو بویا"۔ ہش رے کمیری ایہه روپھی واؤو چنچکه چوکی دواہتا التی اف زوق دیتی، کوکوڑیو بورزوکه چوکی ہتو اچه اف پاریچھی دواہتو کاردو۔گور ہتیتان کھاڑان پھاریئی ژینگیئی تھس وَس کوری بوغدو۔



Marfat.com

# چڑیلیں لاہور میں

کہتے ہیں کہ پہلے وقتوں میں ہمارے یہاں انسان نما چڑیلیں عام ہوتی تھیں۔ انہیں ''گور کمیری'' کہا جاتا تھا۔ ویسے تو یہ یہاں ہر جگہ پائی جاتی تھیں لیکن ضلع غذر کے علاقے پونیال کی چڑیلیں بہت مشہور تھیں۔ دن کے وقت یہ لوگوں کے گھروں میں عام انسانوں کی طرح رہتی تھیں لیکن رات ہوتے ہی یہ باہر نکل جاتیں۔ ساری چڑیلیں ایک ساتھ پھرتیں اور کوئی انسان یا جانور مل جاتا تو اس کا سارا خون پی جاتیں۔

کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ایک اچھی بھلی بڑھیا چڑیل بن گئی۔ اس کے سات بیٹے شادی شدہ تھے۔ وہ خود بہت قابل اور سلیقہ شعار عورت تھی۔ اس کا گھرانہ بہت خوش حال اور آباد تھا۔ کسی کو شک بھی نہیں ہو سکتا تھا کہ ایسی اچھی عورت چڑیل بن گئی ہے۔ وہ دن بھر گھر والوں کو لے کر خوب محنت کرتی اور رات پڑتے وہ سب کو سُلا کر اٹھ جاتی۔ باہر نکل کر دوسری چڑیلوں کے ساتھ رات بھر گھومتی پھرتی اور صبح ہونے سے پہلے چپکے سے آکر اپنے بستر پر لیٹ جاتی۔ اس طرح کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوتی۔



Marfat.com

چودھویں کے چاند کی رات چڑیلوں کے لیے خاص رات ہوتی۔ اس رات باہر جانے سے پہلے بڑھیا باورچی خانے کے ایک کونے میں کچھ جو کے دانے بو دیتی۔ ایک منتر پڑھ کر دم کرتی تو جو فوراً اُگ جاتے۔ پھر منتر پڑھتی تو جو پک جاتے۔ بڑھیا جو کے دانے اتار کر بھون کر سل پر پیستی اور ان کے ستو بنا کر تھوڑے ستو خود کھا لیتی اور تھوڑا سا اپنے پلے کو کھلاتی۔ اس کے بعد وہ اپنے چرخے پر سوار ہو کر اُڑ جاتی۔ اس کا پلا بھی اس کے پیچھے پیچھے اُڑتا جاتا۔

چاند رات ساری چڑیلیں جمع ہو کر لاہور چلتیں۔ وہاں ایک بڑے میدان میں سب چرخوں پر سوار پولو کھیلتیں۔ پلا پاس بیٹھ کر بانسری بجاتا، کھیل پر شرط لگتی، ہارنے والی ٹیم کو جیتنے والوں کی خدمت میں ایک جان ور یا انسان پیش کرنا ہوتا جس کا خون وہ سب پی جاتیں۔

بڑھیا کے گھر میں بہت سے مویشی تھے۔ جب کبھی وہ کھیل میں ہارتی تو گھر واپس آ کر ایک جان ور نکال کر چڑیلوں کے حوالے کرتی۔ چڑیلیں اس کا خون پی کر چلی جاتیں۔ اس طرح رفتہ رفتہ بڑھیا کے جان ور ختم ہوتے گئے۔ آخر ایک ایسا دن بھی آ گیا کہ اس کے پاس کوئی جان ور نہیں رہا۔

اس کے بعد ایک رات بڑھیا میچ ہار گئی۔ وہ اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئی۔ باقی چڑیلیں بھی اس کے پیچھے پیچھے چل پڑیں گھر پہنچ کر وہ دبے پاؤں اپنے بستر پر پہنچی اور لیٹ گئی۔ تھوڑی دیر بعد باہر کچھ شور سا ہوا۔ بڑھیا



Marfat.com

نے آواز دی: "بچو! باہر نکل کر تو دیکھو یہ کیسا شور ہے؟" ایک بیٹا اُٹھ کر باہر گیا۔ جب وہ دیر تک واپس نہ آیا تو اس کی تلاش ہوئی۔ اس کی لاش گھر کے پچھواڑے میں سے ملی۔ اس کے بعد یہ معمول بن گیا کہ رات کو باہر شور ہوتا۔ بڑھیا بچوں سے باہر جا کر دیکھنے کو کہتی اور ایک بیٹا باہر جا کر واپس نہ آتا۔ اس طرح بڑھیا کے بیٹے مرتے رہے اور بہوئیں اپنے میکے کو جاتی رہیں۔ یہاں تک کہ بڑھیا کے بھرے پُرے گھرانے میں صرف ایک بیٹا اور اس کی بیوی رہ گئے۔

بڑھیا کی یہ بہو بڑی ہوشیار عورت تھی۔ وہ کافی عرصے سے اپنی ساس کا جائزہ لے رہی تھی۔ پھر ایک روز چودھویں کی رات آ گئی۔ بڑھیا اٹھی جو کے دانے بوئے، جو اُگے اور پک گئے۔ بڑھیا نے سل پر پیس کر ان کے ستو بنائے، خود کھائے، اپنے پلے کو دیے اور چرخے پر سوار ہو کر نکل گئی۔ بہو بھی اٹھی۔ اس نے سل پر سے کھرچ کر کچھ ستو جمع کیے۔ انہیں کھا کر وہ بھی جھاڑو پر سوار ہو کر اُڑتی ہوئی ساس کے پیچھے چلی گئی۔

لاہور کے میدان میں پہنچ کر ساس اور اس کی سہیلیاں پولو کھیلنے لگیں، پلا کنارے پر بانسری بجانے لگا جب کہ بہو جھاڑیوں میں چھپ کر دیکھنے لگی۔ کھیل کے آغاز ہی سے مخالف ٹیم نے بڑھیا کی ٹیم پر گول کرنے شروع کر دیے اور اسے سنبھلنے کا موقع نہ دیا۔ رات کے آخری پہر کو جب کھیل ختم ہوا تو بڑھیا پر درجنوں کے حساب سے گول ہو چکے تھے۔ آخر بڑھیا شکست خوردہ ہو کر گھر واپس آئی۔



Marfat.com

بہو ساس سے پہلے گھر پہنچ کر اپنی جگہ پر لیٹ چکی تھی۔ بڑھیا بھی کچھ دیر بعد دبے پاؤں آ کر لیٹ گئی۔ اتنے میں باہر شور ہوا۔ بڑھیا نے پکارا کہ کوئی جا کر دیکھ لے۔ بہو نے جواب دیا: "تیرا بیٹا رات بھر بخار میں مبتلا رہا ہے۔ ابھی کہیں جا کر اس کی آنکھ لگی ہے۔" "تو تم ہی جا کر دیکھ لو بیٹی" بڑھیا نے کہا: بہو بولی: "میں بچے کو دودھ پلا رہی ہوں۔ آپ خود جا کر کیوں نہیں دیکھ لیتیں؟"

"مجھے رات کو کہاں دکھائی دیتا ہے بیٹی؟" بڑھیا نے عُذر پیش کیا:

بہو نے کہا: "تو پھر اپنے پلے سے کہہ دو کہ وہی دروازہ کھول کے دیکھ لے۔"

"یہ کیا کہہ رہی ہو بیٹی؟ پلا بھلا کیسے دروازہ کھول سکتا ہے؟" بڑھیا منمنائی:

"لاہور کے میدان میں بانسری بجا سکتا ہے تو دروازہ کیوں نہیں کھول سکتا؟" بہو نے زیر لب کہا:

اس کے بعد بہو اٹھی، ساس کو پکڑ کر اٹھایا، اسے گھسیٹتی ہوئی دروازے تک لے گئی اور باہر دھکا دیا۔ اس کے پلے کو اس کے پیچھے باہر پھینک کر اس نے دروازہ بند کر دیا اور اپنی جگہ پر جا کر لیٹ گئی۔



Marfat.com

# ڑوُوچے غوڑیو سومین

وختہ مائی وختہ ای ڑوو بیرائے ای غوڑی۔ ڑوو ہر کیہ لوا ڑوو وا، حشور چالاک شیطان بیرائے۔ غوڑی مہ یاریری ڈینگ سادہ اقمق۔ غوڑی سادیار غیر کال دی۔ ہمیش پوری حال باک بیرائے۔ غوڑیو پھوک نس گاڑو بیرائے مگم ہتوغو واہخہ کوری کِشیکو نو باک بیرائے۔ ہسے درون اونگی پیخھی شیرائے۔

ڑوو غوڑیو گرامبیشو بیرائے۔ ای انوس ڑوو بی غوڑیوتے راردو کہ "اے غوڑی، تو ہیہ چھیترو کِشیکو نو بوس کیہ۔ یومونو ئیھچی دیتی بریوس۔ تو مہ سوم سومین کورے۔ ای بیتی ہموکِشیسی"۔ غوڑی خوشان بیرو کہ ڑوو تھرار بندہ۔ مہ گنی جام زمین داری کوری پیداوار کوئے۔ یومونو پوری ژیبوم۔

شورو کشمانو وخت بیکو ڑوو راردو کہ "گوم کِشیسی۔ تو بیئو، کِشینی یوزونوان اوچے ریشووان بندوبست کورے۔ باقی اشناریان سف اوہ انگوم"۔ غوڑی دروغ دروغ بیتی ہش کوری ہیتان بڑاچھیرو۔ ڑوو دی جو ریشو چوغو گنی پیدا بیرو۔

کیش بوتی ڑوو غوڑیو تے راردو کہ "تو ژوئے دوسوچے دوسا، کیشو کیشی لاش پھک بیتی نیشیس" غوڑی راردو کہ "اوا کِشو کِشی نیشیم"۔ ڑوو کیشو غوڑیوتے دیتی کندو



Marfat.com

گوچی بی پاردو۔ غوڑی کھیل وش بیتی کیشو جوڑینجی کوری ایہہ نیزیکو، ژوو روپھی گیتی کیشو گانی ای داربته ژوئے پھتان دیتی ریشوواں روپھیئرو۔

گومو پستیغ کوریکو وخت بیکو ژوو غوڑیوتے راردو کہ "تو غوسپانی دوسوچے دوسوچے دوسا، ژائے کھَشی لاش پِھک بیتی نیشیس"۔ غوڑی راردو کہ " اوا ژائے کھَشی لاش پِھک بیتی نیشیم"۔ ژوو غوسپانی دیاو پوریرو۔ غوڑی ناچار چھوئے روشت دیکہ پت گومو موژو روپھی ژائے کھشیرو۔

گوم توریکو ژوو راردو کہ "فصلو چھیترا تان باژیسی۔ پھور مہ بانی موژ تہ، کوریکو کہ زمین تا۔ ہیرا کہ بہچیتانی کیہ وخت کہ تا طبیعت ہوئے براخھیئس"۔ ہیہ چالو کوری ژوو گومو سوران خوپی الدو۔ بیچارہ غوڑیوتے خالی گناس اچی بہچیرو۔

اوہتی سال ہیت وا سومین کوریکو صلاحو کاردو۔ ہیہ سال ہیتان موژی آلو کشیکو صلاح بیرو۔ ژوو چال وال کوری نست کینی سالو غون تان نِشی غوڑیو پھوستہ کھوڑ کوری کورمیئرو۔ آلوان نیزیکو وخت بِکو ژوو راردو کہ پیداوارو کیچہ باژیسی۔ ریکو غوڑی راردو کہ " پورتو مو فان پراو۔ ہیہ سال اوہ پھور نسان تتے نوتان دوم"۔ ژوو راردو کہ "تھے تہ چیت وا اوہ کیہ ریمان۔ تتے کہ مناسب سریران ہش کورے"۔ ہش کوری آلوو بے حاجت پھوران غوڑیوتے پھار پیچھی ژوو آلوان نیزی تان دوروتے الدو۔



Marfat.com

# لومڑی اور خرگوش

ایک تھی لومڑی اور ایک تھا خرگوش۔ دونوں ہمسائے تھے۔ لومڑی بے حد چالاک اور مکار تھی جب کہ خرگوش سیدھا سادا سا۔ لومڑی رات دن مصروف پھرتی رہتی اور خرگوش ہر وقت گھوڑے بیچ کر سوتا رہتا۔ خرگوش کی تھوڑی سی زمین تھی لیکن اس پر محنت نہ کرنے کی وجہ سے بنجر پڑی تھی۔

ایک دن لومڑی خرگوش کے پاس آئی، اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے کے بعد کھیتی باڑی کا ذکر چھیڑا۔ پوچھا: ”خرگوش میاں! تم روز بروز کاہل ہوتے جارہے ہو۔ تمہاری زمین ابھی تک بنجر پڑی ہے اور کاشت کا وقت نکلا جارہا ہے۔“

”بات تو تمہاری ٹھیک ہے لیکن کیا کروں؟ مجھ سے زیادہ کام بھی تو نہیں ہوتا۔“ خرگوش نے جواب دیا: ”سچ پوچھو تو مجھے تمہاری بڑی فکر رہتی ہے۔ ڈرتی ہوں کہ خوراک پیدا نہیں کرو گے تو اگلی سردیوں میں بھوکا مرو گے۔“ خرگوش یہ سن کر بڑا پریشان ہوا اور رونے لگا۔ لومڑی نے اسے تسلی دی اور کہا: ”روتے کیوں ہو؟ تھوڑی سی ہمت پیدا کرو۔ ویسے تم اکیلے تو کاشت نہیں کرسکتے۔ کیوں نہ میں اور تم مل کر بٹائی پر کاشت کریں اور پھر پیداوار آپس میں تقسیم کرلیں؟“ خرگوش یہ سن کر بڑا خوش ہوا۔ اس نے سوچا کہ یہ لومڑی بھی کتنی اچھی ہے؟ اسے میرا کتنا خیال ہے؟



Marfat.com

کاشت کاری کا کام شروع کرنے سے پہلے لومڑی نے کہا کہ پہلے ہم یہ طے کرلیں کہ کس کی ذمے داری کیا ہوگی تا کہ بعد میں جھگڑا نہ ہو۔ میرا خیال ہے کہ تم صرف بیج، ہل اور بیلوں کی جوڑی لے آؤ، باقی تمام چیزوں کا بندوبست میں کروں گی۔ خرگوش خوش ہوا کہ اسے صرف چند چیزیں ہی لانی پڑیں گی، باقی کا بندوبست لومڑی کرے گی۔ کاشت کے دن خرگوش بیج، ہل اور بیلوں کی جوڑی لے کر پہنچ گیا۔ لومڑی بھی درخت کی چند سیدھی لمبی ٹہنیاں کاٹ کر لے آئی تا کہ ان سے بیلوں کو ہانکا جا سکے۔۔۔۔ باقی چیزوں سے اس کی مراد یہی تھیں۔

ہل چلانے سے پہلے لومڑی نے پوچھا: "تم جلدی جلدی ہل چلا کر فارغ ہو جاؤ گے یا سہاگہ پھرتے رہو گے؟۔۔۔۔" خرگوش نے ہل چلانے کی ذمے داری لی۔ بے چارہ سارا دن سخت زمین پر ہل چلاتا رہا اور لومڑی درخت کے سائے میں سوتی رہی۔ شام کو جب خرگوش سارے کھیت میں ہل چلا کر کھیت کو تیار کر چکا تو لومڑی اٹھی اور جلدی جلدی سہاگہ گھسیٹ کر چلی گئی۔

فصل کو پانی دینے کا وقت آیا تو لومڑی نے پوچھا "تم کھیت کو جلدی جلدی پانی دے کر سو جاؤ گے یا ساری رات نہر کی رکھوالی کرتے رہو گے؟" خرگوش کے لیے بھلا اس سے اچھی بات کیا ہوتی کہ جلدی فارغ ہو کر سونے کا موقع ملے۔ اس نے پانی دینے کی ذمے داری لی۔ وہ رات بھر کھڑا فصل کو پانی دیتا رہا جب کہ لومڑی نے ایک دو دفعہ نہر پر جا کر پانی کا جائزہ لیا۔ باقی وقت سوتی رہی۔

اسی طرح دھوکے سے لومڑی خرگوش سے کام کرواتی رہی اور خود آرام سے بیٹھی رہی یہاں تک کہ



Marfat.com

گندم کی فصل پک کر تیار ہو گئی۔ گندم کی کٹائی کے وقت لومڑی نے خرگوش سے کہا: ”تم جلدی سے گندم کاٹ کر آرام کرو گے یا دن بھر ان کے گٹھے باندھتے رہو گے“ خرگوش نے گندم کاٹنے کا ذمہ لے لیا۔ وہ دن بھر گندم کاٹتا۔ لومڑی شام کو آ کر ان کے گٹھے باندھ دیتی۔

کٹائی کے بعد پیداوار کی تقسیم کا مرحلہ آیا۔ لومڑی نے کہا: ”دیکھو خرگوش میاں! اب تک میں نے ہر کام تمہاری مرضی پر چھوڑا ہے۔ اب اگر تمہیں کوئی اعتراض نہ ہو تو پیداوار کی تقسیم میں کرلوں۔“ خرگوش نے بڑی خوشی سے بات مان لی۔ لومڑی نے کہا: ”فصل کے دو حصے کرتے ہیں۔ اوپر کا حصہ میرا اور نیچے والا تمہارا۔“ خرگوش راضی ہو گیا۔ اس طرح گندم کے سارے دانے لومڑی لے گئی اور خرگوش کے حصے میں خالی بھوسا آیا۔

اگلے سال پھر دونوں نے مل کر کاشت کرنے کا فیصلہ کیا۔ لومڑی نے تجویز پیش کی کہ اس سال پیداوار کی تقسیم کا فیصلہ کاشت سے پہلے ہی کیا جائے اور فیصلہ خرگوش کرے۔ خرگوش بڑا خوش ہوا اور فوراً فیصلہ کیا کہ وہ اس سال فصل کے اُوپر کا حصہ لے گا۔ لومڑی بھی مان گئی۔ اس سال لومڑی نے آلو کاشت کرنے کی تجویز دی۔ سارا سال وہ خود آرام سے بیٹھی رہی اور خرگوش سے کام لیتی رہی۔ جب فصل تیار ہو گئی تو فصل کا نچلا حصہ یعنی سارے آلو لومڑی لے گئی اور خرگوش کے حصے میں اوپر کا حصہ یعنی آلو کے پتے آئے۔



Marfat.com

# اوبرخ دوسی موچی

وختہ مائی وختہ ای ژاغا ای اوچوتو موچی بیرائے۔ ہسے چمرو استادیو بچین پورا مُلکہ مشہور بیرائے۔ ہسے ہش اسپاب ساوزیاک بیرائے کہ روئے حیران باک بیرانی۔ استادیار غیر دی ہسے ہر کورمہ تھرار بیرائے۔ روئے ہر کورما ہتوغو سار رائے بشار کوراک بیرانی۔

ای انوس موچی دکانوتے روخنی کوریکو بچین ادرختو بوغدو۔ ادرخہ ای اوبرخو اژیلی ہتوغو رویتو دیرو۔ موچی اوبرخ ژیریو دوسی گنی دورا انگیتی حالیرو۔ اوبرخ ژیری ہیرو بیکو موچی ہتوغو چھیچھیئک شروغ کاردو۔ ای کما سالہ ہسے کیہ دراخ اوبرخ غیریرو۔ موچی اوبرخو ہش جام چھیچھیئرو کہ ہیس رویو غون ہورو سوم ای بیتی کوساک بیرائے۔ اوبرخ خخموتے کوروم دی کوراک بیرائے۔

موچی دوکانہ اوبرخو بیڈیر دیک چھیچھیرو ۔ خائے ہر کیہ لوا اوبرخ راردو۔ ہتو طاقتو کیہ کمی۔ لوٹ بیڈیرو کپالار ژانگ نیزی کی دیاک بیرائے، چمرو متی کوری پیخھاک بیرائے۔ اوبرخِ بیڈیر دیاک بیکو موچی ارمانو چھینیرو۔ اوبرخ نہ مزدوری مشکھیران نا خسمتیو کیہ ہوش کویان۔ چھوچھی روپھی ویزینہ پت پھک بیتی دیتی انگوئی۔

اوبرخ وا کیہ لو ہوش کویا۔ موچی ہورو نمییکو سورا چھیچھیئرو بیرائے۔ چمرو لوہ کوری



Marfat.com

سندانه لکھی، کوره که دپھیئلیک باک بیرائے، موچی چموٹو سورا اشاره کوراک بیرائے۔ اوہرخ ٹھیک ہتے ژاغو بیڈیرین دیاک بیرائے۔ موچی راک بیرائے که"عاقلوتے اشاره رے اسونی۔ مه ہیه اوہرخ رویان سار عقلمین۔ رویانتے لو دییلیک بوئے، ہموتے صرفی اشاره کافی"۔

ای انوس موچی چمرو لوه کوری یو نیزی سندانه لکھی اشاره کوریکو بچین ہوستو اوسنیئرو بیرائے، ہرونیه ایہه ہتو سال استاله دروخیرو۔ موچی بے خیلوف بیتی ہوستو کپالتو التی چموٹین سال استاله کوچھیئرو۔ ہے موژی اوہرخ بیڈیرو اوسنئے تیار بیرائے۔ اچی التی دیت موچیو کھاکو برابر موژو۔ موچیو مغز روراش بیتی بوغدو۔

ہتیغار اچی ہیه متال ہوئے که "اوہرخ دوسی موچی" یعنی موژی دوسی استادیو کورموتے تیار بیک۔





Marfat.com

# ریچھ بنا لوہار

ایک تھا لوہار۔ وہ ضرورت سے زیادہ ہوشیار شخص تھا۔ وہ ہر کام دوسروں سے الگ طریقے سے کرتا۔ اسے اپنے پیشے میں نت نئے طریقے تلاش کرنے کا بڑا شوق تھا۔

ایک دفعہ لوہار اپنی بھٹی کے لیے کوئلہ بنانے کے لیے جنگل گیا۔ جنگل میں اسے ریچھ کا ایک چھوٹا سا بچہ ملا۔ لوہار اسے پکڑ کر گھر لے آیا اور اسے پالنے لگا۔ لوہار نے ریچھ کے بچے کو سدھانا شروع کیا۔ جلد ہی وہ لوہار سے اچھی طرح مانوس ہو گیا اور کتے کی طرح اس کے ساتھ پھرنے لگا۔ بچہ بڑھتے بڑھتے ایک دیو قامت ریچھ بن گیا تو لوہار نے سوچا کہ کیوں نہ اس ہٹے کٹے ریچھ سے کام لیا جائے۔ اسے اپنی دوکان میں ہتھوڑا مارنے والے کی ہمیشہ ضرورت رہتی تھی اور اسے کافی معاوضہ دینا پڑتا تھا۔ اس نے ریچھ کو سکھایا کہ کس طرح لوہے کو ہتھوڑا مارے جب ریچھ ہتھوڑا مارنے کا کام سیکھ گیا تو لوہار کے مزے ہو گئے۔ بغیر مزدوری کے اسے ایک ہتھوڑا مارنے والا مل گیا جو دن بھر لگاتار کام کرتا رہتا۔ وہ نہ تھکتا اور نہ شکایت کرتا۔ وہ بھاری ہتھوڑا سر سے بلند کر کے مارتا تو سخت سے سخت لوہے کو دو ہی ضربوں سے برابر کر دیتا۔

لوہار نے ریچھ کو اس طرح سکھایا تھا کہ پہلے لوہار لوہے کو گرم کر کے اہرن پر رکھ دیتا۔ اس کے بعد



Marfat.com

شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتا کہ کہاں ضرب لگانی ہے؟ ریچھ جو تیار کھڑا رہتا، ہتھوڑا اٹھا کر پوری قوت سے اس مقام پر ضرب لگاتا۔ لوہار بڑے فخر سے کہا کرتا: "کہتے ہیں کہ عقل مند کو اشارہ ہی کافی ہے۔ اس حساب سے تو صرف میرا ریچھ ہی عقل مند کہلا سکتا ہے جو اشارے پر کام کرتا ہے۔"

ایک دن لوہار نے حسب معمول لوہا گرم کر کے اہرن پر رکھ دیا۔ اشارہ کرنے کے لیے اس نے انگلی اٹھائی ہی تھی کہ اسے سر پر کھجلی ہوئی۔ بے خیالی میں لوہار نے اسی انگلی سے سر میں کھجلی کی۔ اب ریچھ کی نظر انگلی پر تھی۔ اس نے سمجھا اشارہ سر کی طرف ہے۔ ہتھوڑا بلند کیا اور پوری قوت سے لوہار کے سر پر مارا۔ لوہار کا سر پاش پاش ہو گیا اور بے چارے نے تڑپ تڑپ کر جان دے دی۔

تب سے یہ ضرب المثل بنی "اوہرس دوسی موچی" یعنی ریچھ پکڑا اور اسے لوہار بنا ڈالا۔ یہ مثل ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی جاہل آدمی کو کاری گرانہ کام سونپ دیا جائے۔





Marfat.com

# سفید روئے سیاہ بخت

اوا ته چنگیم تو مه چنگیس۔ چھوئی روشتو چنگیر انوس چھاغو چنگیر۔ کا که چنگیتائے چنگاکو گردانه۔ وخته مائی وخته ای باچھا بیرائے۔ہتو باچھایئه روئے مستانهِ مست، تنار لچھوران تنار پچوران۔ ڇوکتو پوراک ڇوکتو، موڑو پوراک موڑو۔ ہر کورا چیلیکیو چھاغ شابڑوکیو گاز۔ نوغورا ڇھیر بوئیکو ڇھیر دی شیر۔ سورمین کھانج دروخمین کھاوشیر۔ سفین سف ڇھیو۔ کا خانوتے ایویس کاڑتو نو درینیان۔ بول اسونی کپاله پھور، یراغ شینی شوتور پوتھور۔

ہمونیه تان باچھو ژور اژیتائے۔ فقط جنتو حور۔ای کوٹھوا مس اِیا یور۔ڇھوم ہوسیکو زار ڇھارونیان۔ سف توغو موختو لوڑی ہیر۔ شه دار باک اوچے کنیزک ڈنیئن ای۔ ژور ایھه لوڑیکو بوئیکرا لو دونیان۔ لو که دویان دردانه باشینیان۔ چالائے شینی کمخواب ، ادرس ، قناویز۔ گھنه شینی مشٹی، زریھگیر، پچھاویز، گرائے، دردانه ویزگوڑو، قھربا شاوائے، تھروشکیر، پھیٹی، زیروک زار، کریٹھیرو شونگ، سوتکو پھولوک، بڑاکو سوتک۔ اسکوردی ہیه که زمین دی خونځاژوریو سوم ہلاویز، اسمان دی ہوش پھولوک۔ باچھو نه خور ژاو نه ژور، بس ہیه ای پھولوک۔

بس شوخشیتائے مس شوخشیتائے یوران پوروزیتائے۔ خونځا ژوری دی گیتی چموٹکیر



Marfat.com

ژیری بیکو، باچھا ہورو سبقو بچین تان قاضیو نسه ویشیئتائے۔ باچھو وزیرو ای ژور دی خونځا ژوریو ہمسال اوشوئے۔ ہسے دی سبقا خونځا ژوریو بالوکه ہوئے۔ باچھا خوشان که وزیرو ژور خونځا ژوریوتے خسمت کوئے۔

چندین زمانه شوخخیکار اچی قاضی ہش عادت گنیتائے که ہتے جو کوموران افار سلام کوری یئی اوتیکو، ہسے خونځا ژوریوتے "گیےسفید روئے سیاه بخت" وا وزیرو بد صورت ژوروتے "گیےسیاه روئے سفید بخت" ریکا پرائے۔ ای انوس خونځا ژوری سبقار اچی گیتی تتوتے ریتائے که استاذ متے "سفید روئے سیاه بخت" ریران۔ باچھا چمپہت روپھی ہیچ چقه لکھی قاضیو نسه بی بشار اریر که ہیه کیه لو۔ قاضی ریتائے که "ته ہے ژور صورته بے مثال، عقله اوچے تمیزه کمال، انگار بٹی تہرار مگم ہورو طالعوتے که لوڑین بویان قسمت کیه جام نو سریئران"۔ ہاش ریکو باچھو ہردی پڑاق نیسی چمپاقه دیتی بغائے۔ ہتے تہمامی افس توشو موڑو اوغ بیتی بغانی۔ باچھا ریتائے که "مه ہیه ای پھولوک ژور۔ اپک ٹھخ دیتی ہورو باردیئے اسوم۔ ہورو قسمت که خراب بیرائے وا باچھائی مه کیه حاجت، جاگیرو کیه کوم، بول متے کیه کونی، دولتو کیه خوروتے بہچیئمان۔ ژورو گنی گدایئی نو کو کومان"۔ ہش رے باچھایئو بق پیخھی ژورو گنی گدایئه پونگ پرائے۔

نیسونی شروغ ہوئے۔ چھوئے برابره تت اوچے ژور اف نیسی راہی ارینی۔ بس کوسیتانی مس کوسیتانی یوران کوسیتانی۔ زومو دیکو زوم نیسائے، ڈوکو دیکو خم نیسائے۔ دشت بدشت صحرا بصحرا کوسی کھیل وش۔ خور مخی دروغ دروغ، فقط خاکه لکھیکو بش۔



Marfat.com

واناگاہیوتے ای انوس ای نوغورو شرانہ توری براخ بومتو پرانی۔ چھویئن غیچی ئیہچ گویان، اوغ پیارین ژان کھشٹیئران۔ پھار لوڑیکویئی لوڑیکو نہ آدم نہ آدم زاد، چھان نو تھراشکیئران۔

نوغورو بیلہ کانو چھاغہ ای داربت خسمتی نیزی باچھا ژورو گنی پیتریچہ پیتریچہ، اچی غیستی شادغاو، نوغورو دروازہ خانا ایہہ اوتیتائے۔ لڑیران کہ اندرینی دی پرندہ پر نو کویان، چرندہ چر نو کویان، چھیرہ اوغ دراروٗو غون۔ مگم نوغوری تنار لچھوران تنار پچھوران۔ ہردیئی گیرو ژیباروم پیاروم اولیئے پیٹھی شینی۔ باچھا اوچے ہتو ژورتان طبعیتہ شپیک، اوغ اوچے میوہ غیارمین کوری گنی یو نیسی کانو موڑہ نیشیتانی۔ جم ژوتی پی اہتی بیتی ژان ژاغا گیکو باچھا ژورو بندیئتائے کہ غیارمان اندرینی لکھی گیے، خدایوتے حوالہ کوری راہی بوسی۔ باچھا کیہ خبار کہ ہیس شاوانان نوغور۔ ژور غیارمان اندرینی پیٹھی اچی دروازا گیکو دروازہ تنار تان ثرپ بند بیتی بغائے۔ ژور اندرینی بند تت بیری۔ قوژد ارینی فریاد ارینی دراغلی زوپھیتانی مگم کیہ سود، دروازہ ہورین نو ہوئے۔ باچھا بیری کیڑی کیڑی اپک شوشی، ژور اندرینی ہوالوتے۔ بس شوخیتائے مس شوخیتائے۔ باچھا کیہ راہو ہوش نہ کوری تانتے کیڑاو پیٹھی راہی اریر۔ بیری تتو ہواز بند بیکو اندرینی ژور دی ارغاڑیک بیتی، اخیر کیانی بوئے پھک ہوئے۔ ہیس اوہ بروہ کوراو نیشیرو بیرائے، ہرونیہ روم کوور پھارار اولوئے، پریٹ پراٹ کوری گیتی تو نسہ نشیرو۔ ای کوور لوا پوری یئی کوری توتے راردو کہ "اے ناچار پلیلی خونخا ژوری، تو کلہ پت کیڑیس۔ ہیہ نوغوری حال بیک تہ قسمتہ شیرائے۔ نصیبو نوشتہ خور نو بوئے۔ تہ نصیب ہیہ نوغورو اندرینی تان بوچھوریر۔ تو اسپہ لوٗو جم کارین کار کو۔ لو ہیہ کہ



Marfat.com

ہیہ نوغورو اہرکو اندرینی ای نادر جوانو جنازہ لکھی شیر۔ ہتو پونگو دوغورار گنی سال استالہ پت ہزارہا، لاکھ ہا شونج اشٹوغئےشینی۔ تو ۂے شونجان پونگہ چوکی کینہ نیزی انگوس۔ سال استالہ کہ توریتاو، ہتوو ای لوٹ جوالدیز اشٹوغئے شیر۔ ہے جوالدیزو نیزیکو جوان تازہ بیتی ڈاز ایہہ روپھوئے۔ ہتے وختہ تو تان ہمی سف غمان، دوقتان، پڑیک راخخوس، کوریکو کہ تہ نصیب ہے جوانو سوم نیویشی شیر"۔ ہموش رے کوور پور اولوئی بوغدو۔

خونځا ژوری روپھی اندرینی بی لوڑیک شروغ کاردو۔ اہرکو ای ختانہ بیر کہ ہتے جنازہ کوورو راردؤو غون لکھی شیر۔ ہسے شونجان پونگو دوغورا چوکی نیزیک شروغ کاردو۔ بس شوخخیرو مس شوخخیرو یوران شوخخیرو، اقیلش شونجان خوپی التی پازار توری نیزی سخت ہردی پھت بیتی راردو کہ استانتو نیسی بیری لوڑی ای داربت دلاسہ نوکوبومان۔ بوہت بوہتاو بی استانتو نیسی اف لڑیران کہ نوغورو کھانجو گوچتو لوٹ راہ۔ راہتو روئے ایہہ اف بینیان۔ رویان پوشی ہورو بو ارمان بیرو کہ ای ایک لو کوسوم کہ دوم ۔ کندوری زمانہ بیتی اوشوئے بندہِ زادو سورہ غیچ نو توری۔ ہرونیہ افار ای لوق اندوزپب ژورو اچہ چاکئے یئی نیسیرو۔ خونځا ژوری اف کوری بپوتے اشقالی کاردو کہ "اے مہ شیرین تت، اوا دی تہ ای ناچار ژور۔ ہیہ نوغوری بند، ہردی پھت بیتی بریکو تاب بیتی شیر۔ تان ہے ژورو متے دیت کی۔ کندوری کہ دولت ریسان تتے دوم"۔ بپ کوتروم بیکو خونځاژوری مِسہ اشرفیان ٹیپ کوری شیمینی درے اف لاکیرو۔ اشرفیان پوشی بپ ژورو ہوروہتے دیکو تیار بیرو۔ مِسو خالی کوری ژورو ہتیرا نیشئے ایہہ لاکی بپ پیٹھی بوغدو۔

ہموغار اچی خونځا ژوری ہتے کرینیرو کنیزکو گنی جنازو شونجان نیزیک شروغ کاردو۔ ہے موڑی ہیس تان قصو دی کنیزکوتے کاردو۔ کندوری زمانا ای بیتی شونجان نیزیکار اچی ای انوس ہش کوری بوکھار توری نیزیرو بیرانی۔ ہے موڑی سخت خسمت بیتی خونځا ژوری



Marfat.com

اوراری بوغدو۔ ہیس اورئے اسیکه کنیزک شونجان نیزی التی سال استاله تریئرو۔ اخیر شونج کھول بیکو ہسے سال استاله ہتے جوالدیزو یئی ژینگیئے نیزیرو۔ جوالدیزو نیزیکو تان جوان "اوہائے ژان، موش اوریئرو بیراتم" رے ڈاز ایہه روپھیرو۔ کنیزک بشار کاردو که "تو کا، ته دورو روئے کوری"۔ ریکو ہسے راردو که "اوا شاوانانن باچھو ژاو۔ مه نان تت حجوتے بی اسونی۔ متے رے اسونی که کا که ته شونجان نیزیتائے ہتوغو سوم ته نصیب بوئے۔ دی ہنیسے تو متے لو دیت که تو نیک بخت کا"۔ کنیزک راردو که "اوا ای باچھو ژور۔ ہیه نوغوری بند بیتی بھچی اسوم۔ ہے پوریرو مه کنیزک۔ ہورو کرینی اسوم"۔ ہش ریکو ہے جوان ایہه روپھی بے درمان ہے کومورو سوم اوغ پی ہورو خونگا کوری نیشیئرو۔ خونگا ژوری انگاه بوئے که دنیا خور بیتی شیر۔ کنیزک خونگا بیتی نیشی اسور وا ہیس تان ہتوغو کنیزک۔ ہنیسین قاضیو ہتے لو ہورو ہوشی گیرو که ہوروتے کو "سفید روئے سیاه بخت" راو اوشوئے۔ خائے کیانی کوئے، تان بختوتے کیڑاو کنیزک بیتی کورمان کوراو حال بیرو۔

ای انوس شازده شہروتے بوغاوه تان خونخوتے راردو که "تاتے کیاغ انگوم"۔ ہسے شازدو سار پھوناک کاڑبوکی مشکھیرو۔ شازده کنیزکو یعنی اصل خونگا ژوریوتے، تو دی کیاغ مشکھیسانا ریکو ہسے راردو که "ائے مه غیچھان روشتی لوٹھورو، متے ای گلابو بڑوک، ای وے نارو مشربه، ای طوطی وا ای گوشار ساوزیرو واؤو نقشه انگیے"۔

شازده گیاوه کھاڑان نیشانان گنی انگیرو۔ مگم ہتوغو ژانه شک بھچیرو که کنیزک ہمی نیقوبت اشناریان کھیوتے مشکھیتائے۔ ہیس کنیزکو سورا شنڈا باو لوڑیکا دیرو که ہیس ہیتان کیاغ کویان۔

ای انوس کنیزک کورمان چھینی اندرینو ختانوتے بیکو شازده دی ہتو اچه چموٹو پھورین چھونی بوغدو۔ دواہتو اچتو اوتی لڑیران که کنیزک ہتے اشناریان پروشٹه جیرئے اسور۔ اچی بیتان وشکی غیری تان قصان اسکیئیک شروغ کاردو۔ کنیزک قصه کاردو، شازده لش کار



Marfat.com

کوری انگیرو۔ قصه نسی نیسیکو گلابو بڑوک براق پھت بیتی بوچھوچھیرو، مشربو نارو نیسیرو، طوطی گوروڑی بیرو وا واؤو نقشه خیل گیتی اوشوئے بوغدو۔

ہیه فاقیو پوشی شازده واری وَق حیران۔ دونیرو که دی کیچه کوم ۔ فراق دیتی بے شرمی کومان، شوم نویوکی بوئے، تت بپو عزته فرق گوئے۔ کیه چال کوم که ٹِکی دی مو چھیار ڈق دی مو کیڑار۔ ہیه فکرو موژی ہیس تان ختانی بی پوریرو۔ ہو خونځا اوریٔرو بیرائے۔ کنیزک دی گیتی ای گوچه لشٹه دوپ دیرو۔ شازده شار استوناو اورارو کھاکه بی بہچیرو۔ پھار کنیزک دی کیلوالوٹی بیتی بہچیرو۔

چھوئے برابرار غیریکو خونځا انگاه بیرو۔ لاڑیر که شازده انگاه اسور۔ کیانی بوسان رے بشار گنیکو شازده راردو که "لاڑیمان ویلاغ بیلو ہویا نو۔ نمیژوتے روپھوم"۔ خونځا راردو که نو بیتی شیر"۔ شازده بشار کاردو که " تو ویلاغ بیلو بیکو کیه ہوش کوس"۔ ریکو ہسے رادو که "ویلاغ بیلو که ہوئے مه بیری بوغارو گوئے"۔ شازده پھار کوری کنیزکو سار بشار کاردو که "تو ویلاغ بیلو بیکو ہوش کوسا"۔ کنیزک اچی کوری راردو که "ائے مه غیچحان روشتی، اوا کیه ہوش کوم۔ ہیں، لیلوٹ خوئانان سار مه کاره شیر که ویلاغ بیلو بیکو گھنه ڈیئنی"۔ ہش ریکو شازده ڈاز روپھی قاضیو مشکھئے تان خونځو طلاق دیتی اصل خونځا ژوریو سوم اوغ پیرو۔

چھوچھی روپھی نوغ خونځا نوغورو اشناریان لوڑیک شروغ کاردو۔ لڑیر که شازدو ژینو موژی ہزارہا تاژ سندئے لکھی شینی۔ ہیتان سورا ختانانوچے خزانان ہوری لوڑیرو۔ ای صندوقو ایہه کوری لڑینی که ہتیرا ٹیپ ځوہچ کوری شینی۔ شازده بے حاجت ځوہچ رے، ہیتان اف اولیئکو چق بیکو، خونځا ہتو نو لاکیرو۔ ہسے راردو که "ہمیت بے حاجت نو بونی۔ ضرور باچھا ہمیتان کیه مقصده لکھی اسور"۔ ہش رے ہسے ای کما دروان التی پھیره تریئرو۔ ہرونیه تان ہیره ہیاره روئے پیدا بیک شروغ بیرو۔ ځوہچان سف التی انگارو دریکو ای ٹونگ ٹانگ



Marfat.com

بیرو۔ ای داربته پورا ملکو روئے اوچے بول کورار پیدا بیرو۔ ہرونیه باچھا اوچے خونځا دی حجار اچی توریرو۔ ژیری شروغ بیرو۔ دول چوکیرو۔ قسمه قسمه روئے خومیرو۔ خونځا ژوری تان ای شه داروتے راردو که ہموش شکله بپ که ہائے ہتو ہالئے متے خبار کورور۔ ہے کِتیگینو موژی خبار گیرو که ہسے موش گیتی اسور۔

ژیری نسی نیسیکو خونځاژوری اشپاشورو سار اجازت گنی محرکه بندیئرو۔ محرکا ہسے ہتے مینوو دی مشکھیرو، کوس که بیکو نو لاکی ہالیئے اسیتائے۔ محرکا شپیکار اچی کینه شلوغ دیک بیرو۔ مینوو واری گیکو ہیس تان زندگیو قصو کاردو۔ ہے اچتو خونځاژوریو واری گیرو۔ ہسے دی تان قصو کاردو۔ قصه نسی نیسیکو ہے جوالی ایتو چوکی کیڑیرو۔ ہیت تتوچے ژور بیرانی۔

چھوچھی بیکو ای خور لوٹ ژیری بیرو۔ ہتیغار اچی باچھا ژوروچے جمارو گنی تان ملکو تے بوغدو۔ ہتیرا بی ڈنڈورا کوری ملکو رویان اچی بڑاخھیئے باچھایئو ژوروچے جماروتے حواله کاردو۔ ہتیت شاوانانن اوچے انسانانن کھاژان باچھایئو خاوون بیتی نیشیرو۔

ای نوغه تاو درارو اوہتی نوغه پوروزیرو۔





Marfat.com

# سفید روئے سیاہ بخت

میں تم سے جھوٹ بولوں، تم مجھ سے جھوٹ بولو، رات دن سے جھوٹ بولے، دن رات سے جھوٹ بولے۔ پر جو بھی جھوٹ بولے، اس کا وبال جھوٹے کی گردن پر۔ ہو سکتا ہے یہ جھوٹ ہو۔ ہو سکتا ہے یہ سچ ہو۔۔۔

کہتے ہیں کہ ایک ملک تھا، جس کا ایک بادشاہ تھا۔ بادشاہ نہایت نیک اور انصاف پسند اور رعایا کا خیر خواہ۔ رعایا بھی بادشاہ پر جان چھڑکتی تھی۔ بادشاہ کو بھی ہر وقت رعایا کی بھلائی کا خیال رہتا۔ نتیجہ یہ کہ ملک میں ہر طرف خوشحالی کا دور دورہ تھا۔ ہر کوئی اپنے حال میں مست کسی کو کسی کی پروا نہیں۔

مگر ایک غم جو بادشاہ کو کھائے جا رہا تھا اور جس سے رعایا بھی پریشان تھی کہ بادشاہ کی کوئی اولاد نہ تھی جو اس کے تخت و تاج کا وارث ہوتی۔ بادشاہ نے اولاد کے حصول کے لیے کوئی دوا دارو اور پیروں فقیروں کا کوئی آستانہ نہیں چھوڑا لیکن اس کی مراد بھر نہ آئی تھی لیکن ایک دن خدا نے بادشاہ اور اسکے رعایا کی سن ہی لی اور اسے ایک چاند سی بیٹی عطا کی۔ بیٹی کیا تھی جیسے چودھویں کے چاند کا ٹکڑا۔ مسکراتی تو منہ سے موتی جھڑتے، بات کرتی تو ہیرے جواہرات۔ شہزادی کی پیدائش سے سارے ملک میں خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں



Marfat.com

تھا۔ خود بادشاہ کو ہر وقت بیٹی کی خوشیوں کا خیال رہتا۔ اس کے لیے کم خواب اور ادرس کا لباس، سونے چاندی، ہیرے جواہرات اور موتیوں کے زیور تیار کیے گئے۔ ایسا لگتا تھا کہ کیا زمین، کیا آسمان سب کو شہزادی کی خوشیوں کا خیال ہے۔

جب شہزادی تھوڑی سی بڑی ہوئی تو بادشاہ کو اس کی تعلیم اور تربیت کا خیال ہوا۔ ملک کے قاضی کو اس کا اتالیق مقرر کیا گیا اور شہزادی اس کے پاس پڑھنے کے لیے جانے لگی۔ بادشاہ کے وزیر کی ایک بیٹی بھی شہزادی کی ہم عمر تھی۔ وہ بھی شہزادی کے ساتھ قاضی کے ہاں پڑھنے کے لیے جانے لگی۔

جب دونوں لڑکیاں سلام کر کے قاضی کے کمرے میں داخل ہوتیں تو قاضی انہیں یوں مخاطب کرتا۔ شہزادی کو کہتا: "آ، اے سفید روئے سیاہ بخت!" اور قاضی کی بیٹی سے کہتا: "آ اے سیاہ روئے سفید بخت!" جب قاضی بار بار ایسا کہنے لگا تو شہزادی کو اچھا نہیں لگا اور اس نے جا کر یہ بات بادشاہ کو بتا دی۔ بادشاہ کو اس بات سے بڑی حیرت ہوئی اور اس نے قاضی سے اس کے بارے میں دریافت کیا۔ قاضی نے کہا: "کہنا تو نہیں چاہیے لیکن بات سچ ہے کہ آپ کی شہزادی اگرچہ عقل و صورت میں بے مثل ہے لیکن اس کی قسمت کچھ اچھی معلوم نہیں ہوتی یعنی اس کے نصیبوں میں دکھ ہی دکھ لکھے ہیں۔" یہ سن کر بادشاہ کی تو جیسے دنیا ہی اندھیر ہو گئی۔ اکلوتی بیٹی جو اتنے ارمانوں کے بعد ملی تھی اور جس کو دیکھ دیکھ کر بادشاہ جیتا تھا، اس کے نصیب میں اگر خوشیاں نہیں ہیں تو پھر بادشاہی کس کام کی، مال و دولت کا کیا فائدہ؟ یہ سوچ سوچ کر بادشاہ کا دل دنیا



Marfat.com

سے اچاٹ ہو گیا اور اس نے فیصلہ کر لیا کہ وہ بادشاہت چھوڑ کر فقیر بن جائے گا اور جگہ جگہ پھر کر وقت گزارے گا۔ بادشاہ کا فیصلہ سن کر شہزادی نے کہا کہ جب میرے نصیب میں خوشیاں نہیں اور میری وجہ سے آپ ترک دنیا کر رہے ہیں تو میں یہاں کیا کروں گی؟ سو اس نے بھی باپ کے ساتھ بن باس کا ارادہ کر لیا۔

ایک دن صبح سویرے منہ اندھیرے باپ بیٹی بغیر کسی کو بتائے چپ چاپ نکل پڑے۔ وہ دونوں چلتے رہے، ملک ملک اور شہر شہر۔ دن ہفتوں میں، ہفتے مہینوں میں اور مہینے سالوں میں بدلتے رہے۔ وہ چلتے رہے کو بہ کو، صحرا بہ صحرا یہاں تک کہ وہ ایک دن ایک بہت بڑے قلعے کے دروازے پر پہنچے۔ دونوں بھوک پیاس اور تھکن سے نڈھال تھے۔ بے حال ہو کر قلعے کے دروازے کے سامنے گر پڑے لیکن انہیں حیرت ہوئی کہ اتنا بڑا قلعہ۔ پر نہ آدم نہ آدم زاد۔ آخر بڑی دیر بعد وہ ڈرتے ڈرتے اندر داخل ہوئے۔ اندر بھی وہی ہو کا عالم لیکن اس سے بڑھ کر حیرت کی بات یہ کہ قلعے کے اندر دیگیں چڑھی ہوئی تھیں اور انواع واقسام کے کھانے پک رہے تھے۔ بھوکے تو وہ دونوں تھے ہی، اپنی اپنی پسند کے کھانے برتنوں میں لے کر باہر نکلے اور ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر کھانے لگے۔ کھانے سے فارغ ہو کر باپ نے بیٹی سے کہا کہ برتن اندر رکھ آؤ۔ بیٹی برتن رکھ کر جب دروازے پر آئی تو دروازہ خود بخود بند ہو گیا۔ اب صورت حال یہ تھی کہ بیٹی اندر بند اور باپ باہر۔ بڑی دیر تک دونوں دروازہ پیٹتے اور چیختے چلاتے رہے لیکن کب تک؟ جب دروازہ کھلنے کی کوئی صورت نظر نہ آئی تو باپ اس کو تقدیر کا لکھا سمجھ کر روتے ہوئے وہاں سے روانہ ہو گیا۔ جب باہر باپ کی



Marfat.com

آواز بند ہوئی تو اندر بیٹی بھی سمجھ گئی کہ اس کی قسمت میں اس قلعے میں رہنا لکھا ہے۔ رونا دھونا بند کر کے وہ اِدھر اُدھر دیکھ رہی تھی کہ اتنے میں کبوتروں کا ایک غول آ کر اس کے قریب بیٹھ گیا۔ کبوتروں میں سے ایک کبوتر اس سے کہنے لگا: ”اے بد قسمت شہزادی! رونے دھونے سے تمھیں کوئی فائدہ نہیں ہو گا کیوں کہ اس قلعے میں رہنا تمھاری قسمت میں لکھا ہے اگر تیرے برے دن بدلیں گے تو اسی قلعے میں لیکن اس کے لیے تمہیں ہمارے کہے پر عمل کرنا ہو گا۔ اس قلعے کے ایک اندرونی کمرے میں ایک خوبصورت نوجوان کی لاش رکھی ہے۔ اس لاش کے سارے جسم میں سر سے پاؤں تک ہزاروں سوئیاں چبھی ہوئی ہیں۔ تمہیں پاؤں سے شروع کر کے یہ سوئیاں نکالنی ہوں گی۔ جب ساری سوئیاں نکل چکیں تو آخر میں وہ بڑی سوئی نکالنا جو کھوپڑی میں چبھی ہے۔ اس بڑی سوئی کے نکلتے ہی لاش جی اٹھے گی۔ اسی دن تیرے برے دن بھی پھریں گے کیوں کہ اسی جوان کے ساتھ تیری قسمت وابستہ ہے۔“ یہ کہہ کر کبوتروں کا غول اُڑ گیا۔

شہزادی اُٹھی اور قلعے کے اندر کے کمروں کا جائزہ لینے لگی۔ ایک کمرے میں اسے نوجوان کی لاش ملی جس کے سارے جسم پر سوئیاں چبھی ہوئی تھیں۔ شہزادی بیٹھ کر سوئیاں نکالنے لگی۔ وہ سوئیاں چُنتی رہی۔ نامعلوم کتنا وقت گزرا تھا وہ سینے تک سوئیاں نکال چکی تھی کہ اسے سخت خواہش ہوئی کہ کسی زندہ انسان پر نظر پڑے۔ باہر نکل کر وہ قلعے کی چھت پر چڑھی۔ باہر کیا دیکھتی ہے کہ قلعے کی دیوار کے ساتھ ایک سڑک ہے جس پر لوگ آ جا رہے ہیں۔ بڑی دیر تک وہ لوگوں کو دیکھنے میں محو رہی۔ اتنے میں ایک مفلوک الحال



Marfat.com

بوڑھا اور ایک جوان لڑکی جاتے دکھائی دیے۔ شہزادی نے بوڑھے کو آواز دی: "اے میرے بزرگ! میں بھی تیری ایک لاچار بیٹی اس قلعے میں بند تنہائی سے مری جا رہی ہوں۔ کیا تو اپنی یہ بیٹی میرے پاس نہیں چھوڑے گا کہ یہ میری تنہائیوں کی ساتھی ہو۔ اس کے بدلے جتنی چاہو، دولت لے لو۔" بوڑھے کو کش مکش میں دیکھ کر اس نے ایک بڑی سینی میں اشرفیاں بھر کر رسی کے ذریعے نیچے اتار دی۔ اشرفیاں خالی کر کے بوڑھے نے لڑکی سینی میں بٹھا دی اور شہزادی نے اسے اوپر کھینچ لیا۔ یہ بوڑھا دراصل بادشاہ کا وزیر تھا اور لڑکی اس کی وہی بیٹی جو شہزادی کی سہیلی تھی لیکن کسی نے کسی کو نہیں پہچانا۔

اس کے بعد شہزادی اپنی زر خرید کنیز کو لے کر سوئیاں چننے لگی۔ ایک دن وہ دونوں سوئیاں چن رہے تھے۔ کام آخری مرحلے میں تھا یعنی پیشانی تک سوئیاں نکالی جا چکی تھیں۔ سر کے اُوپر والے حصے میں کچھ سوئیاں باقی تھیں۔ اتنے میں شہزادی کو سخت نیند آ گئی اور وہ وہیں سو گئی۔ اس دوران کنیز سوئیاں چنتی رہی۔ جب ساری سوئیاں ختم ہو گئیں تو اس نے آخری بڑی سوئی بھی کھینچ نکالی۔ اس سوئی کا نکلنا تھا کہ نوجوان انگڑائی لے کر اُٹھ کھڑا ہوا۔ کنیز نے پوچھا کہ وہ کون ہے اور یہ سب کچھ کیا ہے؟ نوجوان نے کہا: "میں بادشاہِ جنات کا اکلوتا بیٹا ہوں۔ میرے ماں باپ حج پر جاتے ہوئے مجھے یوں سلا گئے تھے۔ مجھے ہدایت کی تھی جو لڑکی سوئیاں نکال کر مجھے بیدار کر دے، اسی کے ساتھ میری شادی ہو۔ اب تم بتاؤ کہ تم کون ہو اور یہاں کیسے آئی ہو؟"



Marfat.com

کنیز نے کچھ سوچ کر جواب دیا ”میں ایک شہزادی ہوں۔ قسمت کے چکر نے مجھے یہاں پہنچا دیا۔ وہ سوئی ہوئی میری زر خرید کنیز ہے۔“ یہ سن کر شہزادہ اُٹھ کھڑا ہوا اور فوراً کنیز سے شادی کر لی۔

تھوڑی دیر بعد شہزادی جاگ گئی تو اس کی دنیا ہی بدل چکی تھی۔ اس کی کنیز شہزادی بن چکی تھی اور وہ خود اس کی کنیز۔ اب وہ کس کو اصل کہانی سناتی اور کون اس کا یقین کرتا ناچار چپ ہو گئی اور کنیز بن کر خدمت میں جت گئی۔ اب اسے پوری طرح سمجھ آ گئی کہ قاضی اسے ”سفید روئے سیاہ بخت“ کیوں کہا کرتا تھا؟

اس طرح نجانے کتنا عرصہ گذر گیا۔ ایک دن شہزادہ باہر جا رہا تھا۔ اس نے اپنی بیوی سے پوچھا کہ اس کے لیے کیا لائے؟ بیوی نے ایک ناچنے والی گڑیا کی فرمائش کی۔ کنیز یعنی اصل شہزادی بھی وہاں موجود تھی۔ شہزادے نے اس سے بھی پوچھا کہ اسے کسی چیز کی ضرورت ہو تو بتا دے۔ شہزادی نے کہا: ”میرے آقا! آپ سے کیسے کہوں کہ میرے لیے کچھ لائیں۔ پھر بھی اگر تکلیف نہ ہو تو میرے لیے ایک گلاب کی کلی، ایک طوطا، ایک بغیر ٹونٹی کا لوٹا اور ایک آٹے کا بنا ہوا بڑھیا کا مجسمہ لے آنا۔“ شہزادہ واپسی پر یہ ساری چیزیں لے آیا۔ اس طرح کی عجیب و غریب چیزیں منگوانے پر اسے کنیز کے بارے میں شک پیدا ہو گیا۔ وہ اس دن سے چھپ چھپ کر کنیز کی نگرانی کرنے لگا۔

ایک شام اس نے دیکھا کہ کنیز کام ختم کر کے ایک اندرونی کمرے میں چلی گئی۔ شہزادہ بھی اس کے پیچھے پیچھے چلا گیا اور دروازے کی اوٹ سے دیکھنے لگا۔ کنیز اندر گئی سارے تحفے نکال کے سامنے رکھے اور اپنی کہانی



Marfat.com

سنانے لگی۔ شہزادہ دروازے سے لگا کہانی سنتا رہا اور اندر کا سارا منظر دیکھتا رہا۔ کہانی ختم ہوئی تو شہزادے نے دیکھا کہ گلاب کی کلی کھل اُٹھی، لوٹے کی ٹونٹی نکل آئی، طوطا گونگا ہو گیا اور بڑھیا کا مجسمہ پسینہ آنے سے پگھل گیا۔ یہ سب دیکھ کر شہزادہ حیران رہ گیا۔ اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا کرے اور کیا نہ کرے۔ اِسی شش و پنج میں وہ جا کر اپنے کمرے میں لیٹ گیا لیکن اس پریشانی میں نیند کہاں؟ وہ کروٹیں بدلتا رہا۔

رات کے پچھلے پہر بیوی کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے شوہر کو یوں کروٹیں بدلتے دیکھ پوچھا کہ کیا بات ہے؟
شہزادے نے کہا: ”نماز کے لیے اُٹھنا چاہتا ہوں لیکن معلوم نہیں، فجر کے وقت میں کتنی دیر ہے؟“
”ابھی کافی رات باقی ہے۔“ اس کی بیوی نے جواب دیا: شہزادے نے پوچھا کہ اسے کیسے معلوم ہوا کہ ابھی صبح ہونے میں دیر ہے؟ ”جب صبح ہونے کو آتی ہے تو مجھے بیت الخلا جانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔“ بیوی نے کہا: کنیز یعنی اصل شہزادی دروازے کے باہر سوئی ہوئی تھی۔ شہزادے نے اسے پکارا: ”کیا تم بتا سکتی ہو کہ رات کتنی باقی ہے؟“

میرے آقا! اس نے باہر سے جواب دیا: ”میری اتنی عقل کہاں؟ لیکن بڑوں سے سنا ہے کہ صبح ہونے کو آتی ہے تو گلے میں پہنے ہوئے زیورات کی ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔“ یہ سن کر شہزادے کو یقین آگیا کہ یہی اصل شہزادی ہے اور دوسری جھوٹی۔ وہ فوراً اُٹھا، بیوی کو طلاق دے دی اور اصل شہزادی سے شادی



Marfat.com

کرلی۔

جب شہزادی کو اس کا اصل مقام مل گیا تو اس نے محل کا جائزہ لینا شروع کیا۔ شہزادے کے کمرے میں اسے ہزاروں چابیوں کا گچھا ملا۔ چابیوں کی مدد سے انہوں نے محل کے کمرے کھول کر دیکھنے شروع کر دیے۔ خزانوں اور دیگر قیمتی اشیا کو دیکھتے ہوئے انہیں ایک صندوق بالوں سے بھرا ہوا ملا۔ شہزادے نے ان کو فالتو سمجھ کر پھینکنا چاہا تو شہزادی نے اسے منع کیا اور چند بال اُٹھا کر آگ میں ڈال دیے۔ اچانک اِدھر اُدھر سے لوگ نمودار ہونے شروع ہو گئے۔ شہزادی نے سارے بال آگ میں ڈال دیے تو فوراً پورا شہر لوگوں سے بھر گیا۔ محل پھر سے آباد ہو گیا۔ اسی اثنا میں بادشاہ اور ملکہ بھی حج سے واپس پہنچ گئے۔ جشن کا اعلان ہوا اور عام دعوت شروع ہوئی۔ ساری دنیا میں چرچا ہوا اور قسم قسم کے لوگ جمع ہونے لگے۔ شہزادی نے اپنے ملازموں کو بتایا کہ فلاں شکل وصورت کا آدمی آئے تو اسے جشن کے اختتام تک مہمان بنا کر ٹھہرایا جائے۔

جشن ختم ہوا تو شہزادی نے اس مہمان کے بارے میں دریافت کیا۔ اسے بتایا گیا کہ وہ آچکا ہے اور محل کے اندر اسے ٹھہرایا گیا ہے۔

عام جشن ختم ہوا تو شہزادی نے بادشاہ کی اجازت سے ایک خصوصی دعوت کا حکم دیا۔ اس دعوت میں اس اجنبی مہمان کو بھی بلایا گیا۔ کھانے کے بعد کہا گیا کہ سب شرکائے محفل باری باری کوئی دل چسپ کہانی سنائیں۔ جب شہزادی کی باری آئی تو اس نے اپنی ہی زندگی کی کہانی سنائی۔ اس کے بعد اجنبی مہمان کی باری



Marfat.com

آئی۔ اس کی کہانی بھی اس کی اپنی ہی زندگی کی تھی۔ اجنبی مہمان شہزادی کا اپنا باپ بادشاہ نکلا۔ باپ بیٹی گلے مل کر روئے۔

اگلے دن ایک اور جشن شروع ہوا۔ اس کے بعد غریب الوطن بادشاہ اپنی بیٹی اور داماد کو لے کر اپنے ملک کو روانہ ہوا۔ بادشاہ کے غائب ہونے کے بعد وہاں کی ساری رعایا اِدھر اُدھر بکھر گئی تھی اور ملک ویران پڑا تھا۔ ڈھنڈورا پیٹا گیا، رعایا پھر سے جمع ہو گئی اور بادشاہ نے ملک بیٹی اور داماد کے حوالے کر کے اپنا باقی وقت یادِ خدا میں گزارنے کا فیصلہ کیا۔ دوسری طرف جنوں کے بادشاہ نے بھی اپنی بادشاہت ان کے سپرد کر دی۔ اس طرح وہ انسانوں اور جنوں دونوں بادشاہتوں کے مالک بن گئے۔





Marfat.com

# شاہ بُریاء ولی

وختہ مائی وختہ تروئے بزرگان کورار لکھی چھترارہ پیدا بیرو۔ ہیت تان موڑی شیرین برارگینی بیرانی۔ ایوالیو نام شاہ محمد رضائے ولی بیرائے۔ ہسے سنوغرہ حال بیرو۔ ہتوغو زیارت ہتیرہ شیر۔ ایوالیو نام شاہ محمد وصی ولی بیرائے۔ ہسے تورکھوُو ریچہ بی حال بیرو۔ ہتو زیارت ریچہ شیر۔ ترویو برار گیتی چھترارو پایہ تختہ حال بیرو۔ ہورو نام شاہ بُریائے ولی بیرائے۔

ہے زمانا چھترارو ملکو سورہ رئیس خاندانو میتاری بیرائے۔ شاہ بُریائے ولی کندوری زمانہ چھترارہ حال بیکار اچہ حقوتے توریرو۔ میتار ہتوغوتے بو اخلاص مند بیرائے۔ ہتو بو احترامو سورا ژانگ بازارہ تان نوغورو اندرینی دفن کاردو۔

بزرگو شوخشیکار سوت بس اچہ، میتار چھویو محرکا نیشیرو بیرائے۔ ہرونیہ بیریار ڈق گیتی رازدو کہ ای موش بدخشانار گیتی اسور۔ میتاروتے کیہ ضروری نِشان انگیتی اسوم ریران۔ میتار تو یئی مشکھیکو ہتے موش راردو کہ "اوہ بدخشانار گیاوہ، ویزین دوراہو آنہ شاہ بُریائے ولی بزرگ مہ دوچھارہ ہائے۔ ہسے متے جو پلوغ دیتی ریتائے کہ ایغو چھترارہ التی میتاروتے دیت ایغو سنگین علیوتے۔ (سنگین علی، بابا ایوب درویشو نویس، ہے وختہ



Marfat.com

رئیس میتارو وزیر بیرائے) ہش رے موش جو پلوغ نیزی پھار تریئرو۔

میتار راردو که "اے موش تو کیه براخچوسائے۔ بزرگ شوخخی اسپه ہتوغو پوتھور کوری سوت بس ہوئے"۔ میتار ہش رے پلوغو ژینو موڑی پھار ڈیلیئرو۔ سنگین علی میتارو غیچھوتے لوڑی پھار خشپ کوری ہتے ای پلوغو دی پئی گنی کھاڑان طواف کوری شوقو بیخی پیخھیرو۔

دوره بی سنگین علی ای پلوغو تان ژوردو، ایغو تان بوکوتے دیرو۔ پھار چھویو خوشپه میتارو غیچی شاہ بُریائے ولی گیتی راردو که "اوا ته خاندانوتے چھترارو باچھائیو وا سنگین علیوتے وزیریو مہربانی کوری اسیتام۔ مگم تو ہتوغو اف پاریچھیتاو۔ سنگین علی باچھائیو دی ته سار گنیتائے"۔

روشتی خومیکو میتار رویان گنی بی بزرگو قبرو زراٹھئے لڑیر که ہتوو خالی کفن پیخھی شیر۔

سنگین علی پلوغو بِیان التی بزرگو زیارتو نسه بویئرو۔ ہتے بِیار پلوغ اژی کان بیرو۔ ہتے کان چھور پونج شور سال اچه ہنیسین دی ہش تان شخل وخل بیتی لاو کویان۔ حالانکه ہیه ژاغا پلوغو کانو عمر بشیر پونج سالار زیاد نو بوئے۔

ہے انوسار اچی رئیسو میتاری کمزور باو گیرو، وا سنگین علیو خاندان انوسار انوس طاقتور باو گیرو۔ سنگین علیو جو ژیرژاو اژیرو۔ ایغوتے محمد رضا نام لکھیرو، ایغوتے محمد بیگ۔ ہمیت لوٹ بیتی ہرونی طاقت لاردو که رئیسو میتاری ہتیتان پروشٹه اینگار پھوو ٹیکه شیاق بہچیرو۔ اخیر ای کما سال اچه محمد بیگو ژاو موڑکھووار یو گیتی رئیس میتارو



Marfat.com

کیرزیئے چھترارو تختو تان کانیرو۔ ہے نسلہ میتاری تروئے چھور شور سال بہچیتائے۔ رئیس میتارو نسل ہنیسین ہیہ علاقا بو کم مگم سنگین علیو نسل اوبولی دُنیار نیسی اسونی۔ عام طورہ ہیہ لو مشہورکہ ہیہ بزرگ شاہ بوریائے ولیو نَفَسو برکت۔





Marfat.com

# شاہ بُریاء ولی

کہتے ہیں کسی وقت ملک چترال میں تین بزرگ ایک ساتھ نموارد ہوئے۔ وہ تینوں سگے بھائی تھے۔ ان میں سے ایک کا نام شاہ محمد رضا ولی تھا۔ وہ سنوغر کے خوبصورت گاؤں میں ٹھہر گئے۔ ان کا مزار یہیں پر ہے اور ان کی اولاد بھی اسی علاقے میں آباد ہے۔ دوسرے بھائی کا نام شاہ محمد وصی ولی تھا۔ آپ نے علاقہ تورکھو کے گاؤں ریچ میں قیام کیا اور یہیں مدفون ہوئے۔ ان کی اولاد اسی علاقے میں پائی جاتی ہے۔ تیسرے بھائی شاہ بُریا ولی کہلاتے تھے۔ یہ بزرگ دارالسلطنت چترال میں قیام پذیر ہوئے۔ اس بزرگ کو پورے ملک میں نہایت عقیدت اور احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ اس زمانے میں چترال پر جس خاندان کی بادشاہت تھی، اسے رئیس کہا جاتا ہے۔ بادشاہ وقت بھی اس بزرگ کا بڑا عقیدت مند تھا۔ یہ بزرگ کئی سال یہاں رشد و ہدایت کا کام کرنے کے بعد فوت ہوئے۔ بادشاہ خود ان کے جنازے میں شریک ہوا اور اسے جنگ بازار کی جامع مسجد کے پہلو میں دفن کر دیا گیا۔

بزرگ کی وفات کے سات دن بعد ایک دن بادشاہ رات کے کھانے کے بعد اپنے خصوصی مصاحبین کی مجلس میں بیٹھا تھا۔ اتنے میں دربان نے اطلاع دی کی باہر ایک شخص ملک بدخشاں سے آیا ہے اور کہتا ہے کہ



Marfat.com

وہ بادشاہ کے لیے کوئی خاص پیغام لایا ہے۔ بادشاہ نے اسے حاضر کرنے کا حکم دیا۔ اس شخص نے حاضر ہو کر بتایا: "میں بدخشاں سے آرہا تھا۔ دوراہ کا پہاڑی درہ پار کرتے ہوئے میری ملاقات بزرگ شاہ بُریا ولی سے ہوئی۔ وہ بدخشاں کی طرف جارہے تھے۔ انہوں نے مجھے دو سیب دیے اور حکم دیا کہ ایک سیب بادشاہ کو دوں اور دوسرا سنگین علی کو۔" یہ کہ کر اس نے دو سیب پیش کیے۔ بادشاہ یہ سن کر ہنسا اور یہ کہ کر سیب فرش پر ایک طرف لڑھکا دیا کہ کسی نے تمہارے ساتھ مذاق کیا ہے۔ سنگین علی جو ایک بزرگ بابا ایوب کے پوتے اور بادشاہ کے وزیر تھے قریب ہی بیٹھے ہوئے تھے۔ اس نے نہ صرف اپنا سیب بڑے ادب سے وصول کیا بل کہ بادشاہ کا پھینکا ہوا سیب بھی اُٹھا کر بوسہ دیا اور جیب میں ڈال دیا۔ گھر پہنچ کر سنگین علی نے ایک سیب خود کھایا اور دوسرا اپنی بیوی کو دے دیا۔ سیب کے بیج اس نے شاہ بُریا کے مزار کے پاس بو دیے۔

اسی رات بادشاہ نے خواب میں شاہ بُریا ولی کو دیکھا۔ وہ کہہ رہے تھے: "میں نے اس ملک کی بادشاہت تمہاری اولاد کو اور وزارت سنگین علی کے خاندان کو دے دی تھی۔ افسوس کہ تم نے میرا تحفہ پھینک دیا۔ سنگین علی نے بادشاہت تم سے لے لی۔" صبح ہوئی تو بادشاہ نے مزار کھُلوا کر دیکھا۔ اس میں خالی کفن پڑا تھا۔

کہتے ہیں اس دن سے رئیس خاندان کا زوال شروع ہوا اور سنگین علی کی طاقت میں اضافہ ہوتا گیا۔ ان کے ہاں دو بیٹے پیدا ہوئے جن میں سے ایک کا نام محمد رضا اور دوسرے کا محمد بیگ رکھا گیا۔ آگے چل کر ان دونوں کو اس قدر طاقت حاصل ہوئی کہ بادشاہ کی حیثیت ان کے سامنے کٹھ پتلی سے زیادہ نہیں رہی۔ چند



Marfat.com

سال اسی طرح گذر گئے تو محمد بیگ کے بیٹوں نے آخری رئیس بادشاہ کو تخت سے اتار دیا اور محمد بیگ کا بڑا بیٹا محترم شاہ کٹور چترال کے تخت پر بیٹھا۔ اس خاندان کی حکومت کوئی تین سو سال تک اس ملک پر رہی۔ کہتے ہیں کہ سنگین علی نے جو بیج مزار کے ساتھ بوئے تھے، ان سے ایک درخت اُگ آیا جو دو تین سو سال تک ہرا بھرا رہا اور پھل دیتا رہا۔ حالاں کہ یہاں سیب کے درخت کی عمر بیس تیس سال سے زیادہ نہیں ہوتی۔ یہ بات عام طور پر مشہور تھی کہ یہ درخت اس وقت تک پھل دیتا رہے گا، جب تک سنگین علی کے خاندان میں اقتدار رہے گا اور ایسا ہی ہوا۔

آج سنگین علی کی اولاد سے یہ ملک بھرا پڑا ہے جب کہ رئیس بادشاہوں کی اولاد کو انگلیوں پر گنا جاسکتا ہے۔ اسے بھی اس بزرگ کی دعا کا اثر سمجھا جاتا ہے۔



Marfat.com

# داربتو شالی

قدیم زامانا پرواکو میدان سیناری ژوئے نیزی آبادبیرائے۔ اچه سین موڑه بیکو ژوئے بند بیتی ہیه ژاغه اچی بیابان بیرو۔ ہے زمانا پرواکو پورا علاقه تروئے برارگینان جائداد بیرائے۔ ای برارو نام سگ ، ایوالیو نام شپیر، وا ایوالیو نام داربتو شالی بیرائے۔ ہنیسے دی پرواکو ای حصوتے سگو لشٹ، ایغوتے شپیرو لشٹ وا ایغوتے داربتوشالیو لشٹ رینی۔

ہرونی لوٹ جائدادو خاون بیکین ہے برارگینی زبردست قواتینگ بیرانی۔ ہیتان زمینو پیداوار اوچے مال داریو کیه اندازه نو بیرائے۔

ای مکالا ہے برارگینی ایغو دَورا ملکو رویانتے مینویتی دیرو۔ ایوالی مینو دوروتے گیاوا ہتیتانتے گوم ژو پیانداز درارو۔ جوو ہسے برار سناپچی کوری ہتو سورا ختانو کھانجان مَنی مینوان ہتئے نشیئرو۔ ترویو ہتو مال دارائیو صفت بیرائے۔ ہسے اوغو ژاغا چھیرو سوره خوره غیردئے ژو پیشی ہتیتانتے شپیک کاردو۔

ہمی برارگینیان موژی داربتو شالی سفو سار قواتینگ، مگم سخت شوخ بیرائے۔ ہتو دورار کوستے خیر سخاوت نو تان باک بیرائے۔ دوری واخاجم کوستے پھوک کیاغ دیکو ہسے دورو رویان ماریکو روپھاک بیرائے۔



Marfat.com

ای انوس ہسے پورا لیشپایو وارغانو سورپونگان اوچے خویانن سوم ای کوری لچھیئکوتے ہتوو درے کوئی بوغدو بیرائے۔ ہسے نو اسیکہ شرانہ ای تھیش مشکھاک گیتی راردو کہ "اَوہ ځیھچی دیتی اسوم۔ کورہ پوچیرو کیاغ متے انگیور"۔ دورو روئے دوری کیاغ نیکی ریکو ہسے راردو کہ ہمونی لوٹ موشو دوری کیچہ کیاغ نو بویان۔ ہسے اف نو نیسی چاک بیکو دورو روئے بوہتواو، لیشپایو ای پونگو اوچے ای پولیرو تھیش مشکھاکوتے دیتی تو اف نیئرو۔

داربتو شالی اچی گیکو لچھیئرو پوشوران چدینو سوم کوری انگیتی توپروشٹہ لکھیرو۔ داربتو شالی پوشوران پھاریئی کوری لڑیر کہ ای پونگ اوچے پولیرو نیکی۔ ہسے بشار کاردو کہ "پونگ اوچے پولیرو کوئے بغانی"۔ دورو روئے راردو کہ "خدائی مشکھاک ځیھچی دیتی اسوم ریکو ہتوتے پھریتام"۔ ہش ریکو پھار داربتو شالی "اوہ مہ پونگئے، اوہ مہ پولیرو" رے اوسنی بومتو دیتی ژان نیسی بوغدو۔

داربتو شالی بریکو روئے ہتو کھڑیئکو بندوبستہ بیرو۔ ہے موژی پھار داربتو شالیوتے حساب کتابو جو فرشتہ گان گیتی خومیرو۔ ای فرشتو سوم کتاب بیرائے، ہتے ایغو سوم لوٹ ڈمبوز۔ اولیو فرشتہ کتابہ لوڑاو داربتو شالیو عملان بیان کوریک شروغ کاردو۔ خائے ہتو عملان کتابہ شوخیار غیر کیاغ بوئے۔ فرشتہ ہتو ای نا رویئو بیان کاردو۔ کوریکو ہتے ڈمبوز گنیرو فرشتہ ڈمبوزین اچی التی ہتوتے لکھیرو۔ ہرونیہ ہتے تھیش مشکھاکوتے دیرو لشپایو پونگ بہت پروشٹی نیسی ڈمبوزو دوسیرو۔ کتاب گنیرو فرشتہ ہتو ای خور شوخیو بیان کاردو۔ ڈمبوز گانیرو فرشتہ ہتے ای وشکیار ہتوتے لکھیرو۔ ہرونیہ ہتے پولیرو ہے وشکیار گیتی



Marfat.com

ڈمبوزو دوسیرو۔

ہے قسمہ گتاب گنیرو فرشتہ ہتوغو شوم عملان اشماریئاو انگیرو۔ ہر عملو بچین فرشتہ ڈمبوزو اچی التی لکھیکو، پونگ اوچے پولیرو پروشٹی نیسأو ہتوتے کھیڑی بیرو۔ ہموش بیتی ہتے کتاب نَسی نیسیکہ پت پونگ اوچے پولیرو فرشتو ڈمبوزوتے وال بیتی ہتو سوم توریکو نو لاکیرو۔

ہرونی مودا روئے داربتو شالیو کھاڑیئکو بچین تیارئے، گنی قبرستانہ تاریئرو۔ قبرو لکھاوہ داربتو شالی ژونو بیتی ڈاز رو پھیرو۔ ہسے بیردو نو بیرائے، کھور کھوسوک بوغدو بیرائے۔ ہتیغار اچی ہسے شوخیار توبہ کوری بو سخی بندہ بیتی حال بیرو۔





Marfat.com

# دار بتو شالی

قدیم زمانے میں وادی چترال میں سنوغر گاؤں کے سامنے پرواک کا میدان ایک بہت ہی ہرا بھرا اور آباد علاقہ تھا۔ اسے دریا سے ایک نہر نکال کر آباد کیا گیا تھا۔ بعد میں دریا کے پانی کی سطح نیچے ہو گئی تو یہ علاقہ بنجر ہو گیا۔ ماضی قریب میں ساتھ بہنے والے نالے سے نہر نکال کر اسے پھر سے آباد کیا گیا ہے۔

جس زمانے کا یہ قصہ ہے، ان دنوں یہ سارا علاقہ، جہاں آج کل ہزاروں کی آبادی بستی ہے، صرف تین بھائیوں کی جائیداد تھی۔ ان بھائیوں کے نام سگ، شپیر اور دار بتو شالی تھے۔ ان عجیب و غریب ناموں پر آپ حیران نہ ہوں، کیوں کہ قدیم زمانے میں یہاں ایسے ہی نام رکھے جاتے تھے۔ یہ تینوں پرواک کے تین حصوں کے مالک تھے۔ یہ حصے آج بھی ان کے نام پر سگولشٹ، شپیر ولشٹ اور دار بتو شالیولشٹ کہلاتے ہیں۔

اس قدر وسیع اور عمدہ زمینوں کے مالک ہونے کی وجہ سے تینوں بھائی نہایت دولت مند تھے اور اپنی دولت پر نہایت فخر کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ان تینوں کے درمیان طے پایا کہ وہ باری باری ایک عام دعوت دیں گے اور اس دعوت میں اپنی دولت اور سخاوت کا مظاہرہ کریں گے۔ ایک بھائی نے مہمانوں کے استقبال کے لیے ان کی راہ میں دور تک گندم بچھائی تاکہ اس پر چل کر اس کے گھر پہنچیں۔ دوسرے نے گندم کے آٹے



Marfat.com

کا مکان بنا کر اس میں مہمانوں کو بٹھایا۔ جب کہ تیسرے نے، جسے اپنے گوشت اور دودھ کی پیداوار پر بڑا فخر تھا، پن چکی کو پانی کی جگہ دودھ سے گھما کر اس میں آٹا پیسا اور اس سے دعوت کی روٹیاں پکوائیں۔

ان بھائیوں میں دار بتو شالی سب سے دولت مند تھا لیکن وہ ایک کنجوس شخص تھا۔ دکھاوے کے لیے وہ اس قدر تو خرچ کر سکتا تھا لیکن کسی محتاج کو کچھ دینا اس کے لیے ایک ناممکن بات تھی۔ وہ چھوٹی چھوٹی چیزوں جیسے روزانہ کے کھانے پینے کی بھی خود بڑی سختی سے نگرانی کرتا اور ان کا حساب کتاب رکھتا۔

ایک دن اس نے رات کے کھانے کے لیے بکرا ذبح کروایا اور پورا گوشت مع سری پائے کے پکنے کے لیے دیگ میں ڈلوا دیا اور خود کسی کام سے باہر چلا گیا۔ جب وہ باہر تھا تو ایک فقیر آیا اور کھانے کے لیے کچھ مانگا۔ گھر والوں نے کہا کہ پکی ہوئی کوئی چیز گھر میں نہیں لیکن فقیر نہیں مانا اور اصرار کرنے لگا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اتنے دولت مند آدمی کے گھر میں کچھ نہ ہو۔ جب کسی طرح فقیر نہیں ٹلا تو گھر والوں نے بکرے کے دو پائے اسے دے کر جان چھڑالی۔ رات کے کھانے پر بکرے کا گوشت اس کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس نے اس کا بغور جائزہ لیا۔ جب اسے دو پائے کم نظر آئے تو اس نے گھر والوں سے دریافت کیا۔ گھر والوں نے ڈرتے ڈرتے بتایا کہ فقیر کو دینے پڑے۔ یہ سننا تھا کہ دار بتو شالی نے "ہائے میرے پائے" کا نعرہ لگایا اور بے ہوش ہو گیا۔ گھر میں شور مچ گیا۔ ادھر اُدھر سے لوگ جمع ہوئے۔ طبیب اور سیانے آئے۔ اسے ہوش میں لانے کی کوشش کی لیکن کوئی تدبیر کام نہ آئی۔ آخر سب نے فیصلہ دے دیا کہ دار بتو شالی اس دنیا



Marfat.com

میں نہیں رہے۔

دار بتو شالی کے گھر ماتم کدہ بنا ہوا تھا۔ اس کی آخری رسومات کی تیاریاں ہو رہی تھیں۔ دوسری طرف خود اس کے ساتھ کیا ہو رہا تھا؟

جوں ہی اس کی آنکھیں بند ہو گئیں، دو فرشتے اس کے پاس پہنچ گئے۔ ایک کے پاس ایک بڑی سی کتاب تھی جب کہ دوسرا ایک بہت بڑا گرز اُٹھائے ہوئے تھا۔ کتاب والے نے کتاب کھولی اور پڑھنا شروع کیا۔ اُس نے دار بتو شالی کے چند گناہوں اور جرائم کا ذکر کیا اور گرز والے کی طرف دیکھا۔ گرز والے فرشتے نے اپنا گرز اُٹھایا اور پوری قوت سے دار بتو شالی کے سر پر وار کیا۔ گرز اگر اُس کے سر پر لگتا تو اس کا کچومر نکل جاتا لیکن نجانے کہاں سے بکرے کا پایہ نکل آیا اور گرز اُس سے ٹکرا کر رک گیا۔ اب کتاب والے نے ایک اور صفحہ کھولا۔ دار بتو شالی کے مزید جرائم گنوائے اور اپنے ساتھی کی طرف دیکھا۔ اُس نے گرز اُٹھا کر دوسری طرف سے وار کیا۔ ایک اور پایہ پیدا ہوا اور گرز کے سامنے ڈھال بن گیا۔

اسی طرح فرشتہ اس کے جرائم گنواتا رہا اُس کا ساتھی گرز کے وار کرتا رہا لیکن بکرے کے ان دو پایوں نے دونوں طرف ڈھال بن کر ایک وار بھی اس تک پہنچنے نہیں دی۔ ورق الٹتے گئے یہاں تک کہ پوری کتاب ختم ہو گئی لیکن دار بتو شالی کا بال بھی بیکا نہیں ہوا۔

اِسی دوران لوگ دار بتو شالی کو دفنانے کے لیے قبرستان پہنچا چکے تھے۔ اتنے میں وہ ہڑبڑا کر اُٹھ کھڑا ہوا۔



Marfat.com

دراصل وہ مرا نہیں تھا بلکہ خواب اور موت کی درمیانی کیفیت میں تھا۔ اس کیفیت میں اسے بتادیا گیا کہ ایک چھوٹی سی چیز کا صدقہ کتنی بڑی مصیبت سے نجات دلا سکتا ہے؟ اس دن کے بعد اس نے کنجوسی سے توبہ کرلی اور ایک نیک شخص بن کر رہنے لگا۔





Marfat.com

## یہ کتاب نیشنل بک فاؤنڈیشن کی درج ذیل بک شاپس پر دستیاب ہے

اسلام آباد: 6۔ماؤدا ریا، تعلیمی چوک، G-8/4، اسلام آباد فون: 051-9261125

- این بی ایف کلب بک شاپ، اسلام آباد کلب، اسلام آباد
  فون: 051-9046242-8447242
- این بی ایف بک شاپ "مشہر کتاب" ایف سیون مرکز، جناح سپر مارکیٹ، اسلام آباد
  فون:0300-5077966

راولپنڈی: ریلوے بک سٹال: پلیٹ فارم نمبر 3، ریلوے سٹیشن، راولپنڈی کینٹ
فون: 0333-5756891

لاہور: لوئر گراؤنڈ فلور، بلڈنگ نمبر 1، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور
فون: 042-99203863 فیکس نمبر:042-99203866

- ٹریولرز بک کلب/شاپ: علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور فون:042-37740961
- ریلوے بک سٹال: پلیٹ فارم نمبر 2، ریلوے سٹیشن، لاہور فون: 0321-4376490

واہ کینٹ: این بی ایف بک شاپ، سنٹرل لائبریری عمارت واہ کینٹ (Premises)
فون: 051-9314004

فیصل آباد: شاپ نمبر 10، ہاشمی ہال شاپنگ سنٹر، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد فون: 041-2648179

ملتان: شاپ نمبر 6-5-4، ایم۔ڈی۔اے روڈ، نزد آرٹ کونسل، ملتان فون: 061-9201281

- ریلوے بک سٹال: پلیٹ فارم نمبر 3، ریلوے سٹیشن، ملتان کینٹ فون: 0301-7556886

پشاور: پلاٹ نمبر 37-36، سیکٹر B-2، فیز 5، حیات آباد، پشاور فون:091-9217273
فیکس نمبر: 091_9217273

ایبٹ آباد: فرسٹ فلور، پبلک لائبریری، جلال بابا آڈیٹوریم، ایبٹ آباد فون: 0992-9310291

ڈیرہ اسمٰعیل خان: این بی ایف بک شاپ، گورنمنٹ اسلامیہ ہائر سیکنڈری سکول نمبر 2، سرکلر روڈ، ڈی آئی خان
فون:0336-7221016

- بنوں: نیئر بنوں پریس کلب، پرتھی گیٹ، بنوں
  فون: 0333-9765617 - 0346-9155018
- کراچی: این بی ایف، بریل کمپلیکس بلڈنگ، نزد پی ٹی وی اسٹیشن، سٹیڈیم روڈ کراچی
  فون: 021-99231762 فیکس نمبر: 021-99231089
  - ٹریولرز بک کلب/شاپ: ڈومیسٹک ڈیپارچر لاؤنج، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ
    فون:021-99248432
  - ریلوے بک سٹال: پلیٹ فارم نمبر 1، کینٹ ریلوے سٹیشن، کراچی
    فون:0300-9254426
- سکھر: پبلک لائبریری، اولڈ سکھر فون:071-9310892
- روہڑی: ریلوے بک سٹال: پلیٹ فارم نمبر 3-4، ریلوے سٹیشن، روہڑی
  فون:0307-2952608
- حیدرآباد: این بی ایف بک شاپ، اولڈ کیمپس، گاڑی کھاتہ، حیدرآباد
  فون:022-9200251، 0347-3201467
- خیرپور: این بی ایف بک شاپ، شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، خیرپور فون:04-3762791
- لاڑکانہ: این بی ایف بک شاپ، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو میڈیکل یونیورسٹی، لاڑکانہ
  فون:074-9410229
- جیکب آباد: این بی ایف بک شاپ، ریڈ کریسنٹ بلڈنگ، ڈی سی چوک، قائداعظم روڈ، جیک
  فون:0722-650817
- کوئٹہ: مکان نمبر 9/9-3، ناتھا سنگھ سٹریٹ، کوئٹہ
  فون:081-9201570 فیکس:081-9201869

6۔ماؤدا ریا، تعلیمی چوک، G-8/4، پوسٹ بکس نمبر 1169، اسلام آباد فون:9261125، 051-2255572 فیکس نمبر: 051-2264283
ای میل: books@nbf.org.pk ویب سائٹ www.nbf.org.pk

Marfat.com




Marfat.com




Marfat.com

Marfat.com



یہ چترالی بچوں کی کہانیاں ہیں جو روایتی طور پر گھروں میں بڑی بوڑھیاں راتوں کو سونے سے پہلے سناتی رہی ہیں۔ چترال پاکستان کے انتہائی شمال میں بلند و بالا پہاڑوں میں گھری ہوئی وادیوں پر مشتمل اک خوب صورت علاقہ ہے۔ ان وادیوں میں کئی زبانیں بولی جاتی ہیں لیکن کھوار اس سارے علاقے کی سب سے بڑی زبان ہے جو اس پورے علاقے میں بولی جاتی ہے۔ یہ نہ صرف چترال میں بولی جاتی ہے بل کہ گلگت۔ بلتستان کے ضلع غذر کی زبان بھی یہی ہے۔ اس علاقے کی قدیم روایات بے شمار لوک گیتوں اور کہانیوں کی صورت میں محفوظ ہیں۔ خصوصاً کھوار کی لوک کہانیاں جو بچوں کو سنائی جاتی ہیں، بہت ہی دل چسپ اور معلومات سے بھرپور ہیں۔ یہ کہانیاں کثیر المقاصد نوعیت کی ہوتی ہیں۔ ایک طرف اگر ان سے بچوں کی تربیت مقصود ہوتی ہے تو دوسری طرف ان کے ذریعے آنے والی نسلوں کا گذشتہ نسلوں سے رابطہ برقرار رہتا ہے۔

Price Rs. 150/-

Marfat.com